لحضرتہ یا شکور یا توّاب انت الّذی تقبل التّوبۃ من عبادہ

کریں تیری بارگاہ میں اے شکور۔ اے تواب تو ہی قبول کرتا ہے اپنے بندوں کی توبہ

وتعفوا عنھم سیّاٰتھم یا توّاب یا حقّ انت الّذی تثبت الحقّ

اور مٹاتا ہے ان سے ان کے گناہ اے تواب۔ اے حق تعالیٰ تو ہی حق کو ثابت فرماتا ہے

وتبطل الباطل بین الخلآئق بحقّہ یا حقّ یا معید انت الّذی

اور مٹاتا ہے باطل کو مخلوقات کے درمیان سے اپنے حق کے ساتھ اے حق تعالیٰ۔ اے معید تو ہی

تحشر الخلائق یوم الحشر والفصل للعدل بقضائه یا معید

جمع فرمائے گا مخلوقات کو حشر اور فیصلہ کے دن واسطے عادلانہ قضاء کے معید (دوبارہ اُٹھانے والے)

یا سبحان انت الذی طاهر وبرآء عما یقول الظالم من

اے سبحان تو ہی ہے طاہر اور مبرا ہے اس سے جو ظالم کہتے ہیں اپنی

جهالته وحماقته یا سبحان اللهم انی اسئلك بحرمة

جہالت اور حماقت سے اے سبحان ۔ اے اللہ بے شک میں سوال کرتا ہوں بطفیل

هذه الاسماء ان تصلی علی محمد وعلی ال محمد وان ترزقنی

حرمت ان اسماء کے کہ تو صلواۃ بھیجے محمد کریم پر اور آپ کی آل پر اور مجھے نصیب فرمائے

ایمانا وامانا من عقوبة الدنیا والاخرة وان تحبس علی ابصار

ایمان اور امان دنیا و آخرت کی عقوبت سے اور پردے ڈالے ظلم پیشہ ظالموں کی

ظلمة الظلمین المریدین بی السوء وان تصرف قلوبهم من شر ما

نگاہوں پر جو میرے ساتھ برائی کا ارادہ رکھتے ہیں اور پھیر دے ان کے دلوں کو اس شر سے

یضمرونه الی خیر ما لا یملکه غیرك اللهم هذه الدعاء منی

جو دلوں میں چھپاتے ہیں طرف اس خیر کے جس کا مالک نہیں ہو سکتا سوائے تیرے کوئی بھی ۔ اے اللہ یہ دُعا ہے

ومنك الاجابة وهذا الجهد منی وعلیك التكلان ولا حول

میری طرف سے اور صرف تیری طرف سے ہی ہے قبولیت اس کی اور یہ کوشش ہے میری اور تجھی پر بھروسہ ہے اور

ولا قوة الا بالله العلی العظیم وصلی الله علی نبی الرحمة وشفیع

نہیں طاقت اور نہ قوت مگر ساتھ اللہ علی عظیم کے اور صلواۃ نازل فرمائے اللہ تعالیٰ نبی رحمت اور شفیع

الامة وكاشف الغمة وخیر خلقه محمد واله واصحابه اجمعین

اُمت اور غم و اندوہ دور کرنے والے پر اور اپنی تمام مخلوق کے سردار پر اور ان کے تمام آل و اصحاب

برحمتك یا ارحم الراحمین اللهم ایدنی بتوفیقك وتسدیدك

پر ساتھ اپنی رحمت کے اے ارحم الراحمین ۔ اے اللہ تقویت عطا کر مجھے اپنی توفیق اور تائید سے

واعنی علی صالح النیة ومرضی القول ومستحسن العمل ولا

اور میری امداد فرما نیک نیتی پر اور پسندیدہ قول اور مستحسن عمل پر اور نہ

تكلنی الی حولی وقوتی دون حولك وقوتك ولا تخزنی یوم

سونپ مجھے طرف میری قوت و طاقت کے بغیر اپنی قوت و طاقت کے اور مجھے رسوا نہ فرمانا جس دن

تبعثنی للقائك ولا تفضحنی بین یدی اولیائك ولا تنسنی

مجھے اُٹھائے اپنی ملاقات کے لیے اور نہ رسوا فرمانا مجھے اپنے اولیاء کے درمیان اور نہ بھولے مجھے تیرا

ذكرك ولا تذهب عنی شكرك بل الزمنیه فی احوال السهو عند

ذکر اور نہ دور کرے مجھ سے اپنا شکر، بلکہ مجھ پر لازم فرما اسے سہو کے حالات میں وقت

غفلات الجاهلین لالائك واوزعنی ان اثنی بما اولیتنیه

غافل ہونے اہل جہالت کے تیری نعمتوں سے اور مجھے توفیق دے کہ بیان کروں تیرے انعامات کو

اللهم اجعل تجارتی رابحة وكرتی غیر خاسرة واخفنی

اے اللہ بنا میری تجارت کو نفع مند اور میرے رجوع کو خسارے سے محفوظ۔ اور خوف عطا کر اپنے حضور میں

مقامك وشوقنی لقائك وتب علی توبة نصوحا لا تبق معها

قیام کا اور شوق عطا فرما اپنی ملاقات کا اور مجھے خالص توبہ کی توفیق بخشش کہ نہ باقی چھوڑے اس کے ساتھ

ذنوبا صغیرة ولا كبیرة ولا تذر معها علانیة ولا سریرة وانزع

گناہ چھوٹے نہ بڑے اور باقی نہ رہنے دے علانیہ گناہ اور نہ خفیہ اور کھینچ لے کینہ و بغض مومنین کا میرے

الغل من صدری للمؤمنین واعطف بقلبی علی الخاشعین و

دل سے اور میرے دل کو مہربان بنا خشوع و خضوع والوں پر اور

كن لی كما تكون للصالحین وحلنی حلیة المتقین واجعل لی

ہو تو میرے لیے بھی اس طرح جیسے کہ ہوتا ہے واسطے صالحین کے اور مجھے مزین فرما متقیوں والی زیبائش

لسان صدق فی الغابرین وذكرا فی الذاكرین ووافِ بی عرصة

کے ساتھ اور بنا میرے لیے سچی زبان باقی رہنے والوں میں اور ذکر اہل ذکر میں اور مجھے پہنچا اولین کے عرصہ

الاولین وتمم سبوغ نعمتك علی وظاهر كراماتها لدی
محشر میں اور کامل فرما اپنی نعمتوں کی وسعت کو مجھ پر اور ظاہر فرما ان کی بزرگیاں میرے ہاں بھردے

املا من فوائدك یدی وسق كرائم مواهبك الی وجاور
اپنے فوائد سے میرے ہاتھ اور چلا اپنے بزرگ عطیات میری طرف اور مجھے پڑوسی بنا اپنے پاکیزہ

بی الاطیبین من اولیائك فی الجنان التی زینتها لاصفیائك
اولیاء کا ان جنتوں میں جن کو مزین فرمایا ہے تو نے اپنے منتخب لوگوں کے لیے

وجللنی شرائف نحلك فی المقامات المعدة لاحبائك و
اور مجھے بزرگی عطا کر اپنے بزرگ عطیات سے ان مقامات میں جو تیار کئے گئے ہیں تیرے دوستوں کے لیے اور

اجعله لی عندك مقبولا اوی الیه مطمئنا ومثابة اتبوءها
بنا اس مقام کو میرے لیے اپنے ہاں مقبول پناہ حاصل کروں اس میں اطمینان سے اور محل ثواب جس میں ٹھکانا بناؤں

واقر عینا بها ولا تقایسنی بعظیمات الجرائر ولا تهلكنی یوم
اور شاد چشم بنوں اور نہ مشقت میں ڈالنا مجھے بڑے جرائم کے ساتھ اور نہ ہلاک کرنا جس دن

تبلی السرائر بحرمة حبیبك صلی الله تعالی علیه وسلم اللهم
آزماتے جائیں پوشیدہ احوال بطفیل اپنے حبیب کے صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔ اے اللہ

املا جمیع اعضائی وحواسی وقوای بكمال حبه وحب
بھردے میرے تمام اعضاء اور حواس و قوای کو ان کی محبت کاملہ اور آل و

اله وصحبه اجمعین ۵ واشهدك فی حواسی واعضای
اصحاب کی محبت سے۔ اور میں گواہ بناتا ہوں تجھے اپنے حواس اور اعضاء میں

من مشكوة شرعه وطاعته وادخل وراءه الی حصن
ان کی شریعت وطاعت کے محراب نور سے اور داخل ہوں اس مشکوۃ نور کے پیچھے لا الہ

لا اله الا الله اللهم یا من امات واحیی واقصی وادنی
الا اللہ کے قلعہ میں۔ اے اللہ۔ اے کہ جو مارتا ہے۔ زندہ کرتا ہے۔ دور کرتا ہے اور قریب کرتا ہے

واسعد واشقی واضل واهدی وافقر واغنی وابلی وعافی
نیک بخت اور بد بخت۔ گمراہ اور ہدایت یافتہ۔ فقیر اور غنی بناتا ہے۔ آزمائش میں ڈالتا اور عافیت دیتا ہے

وقدر وقضی كل بعظیم لطف تدبیره وسابق اقداره یا من
اور تقدیر وقضا کا مالک ہے۔ ہر شئ اس کی عظیم ولطیف تدبیر سے ہے اور سابقہ تقدیر سے۔ اے کہ

علیه یتوكل المتوكلون یا من الیه یلجا الخائفون یا من بكرمه
اسی پر توکل کرتے ہیں اہل توکل۔ اے کہ اسی کی طرف سہارا لیتے ہیں اہل خوف۔ اے کہ جس کے کرم اور

وجمیل عوائده یتعلق الراجون یا من بسلطان قهره وعظیم
حسین انعامات سے پیوست ہوتے ہیں امیدوار۔ اے کہ جس کے غلبۂ قہر اور عظیم رحمت

رحمته وبره یستغیث المضطرون یا من لوسع عطائه وجمیل
و احسان کے ساتھ استغاثہ کرتے ہیں لاچار و بے بس۔ اے کہ جس کی وسیع عطا اور فضل جمیل

فضله ونعمائه تبسط الایدی ویساله السائلون رب اجعلنی
اور انعامات کے لیے پھیلتے ہیں ہاتھ اور سوال کرتے ہیں اس سے سائل۔ اے رب بنا مجھے

ممن توكل علیك وممن تخوف منك اذا وصلت الیك و
اپنے متوکلین سے اور اپنی ذات کا خوف رکھنے والوں سے جب واصل ہوں تجھ تک اور نامراد نہ

لا تخیب رجائی اذا صرت بین یدیك یا قریب یا مجیب یا واسع
ٹھہرانا میری رجاء کو جب میں تیرے حضور حاضر ہوں۔ اے قریب۔ اے مجیب۔ اے واسع وکرم

اللهم یا من لا تراه العیون ولا تخالطه الظنون ولا تصفه
اے اللہ۔ اے کہ نہیں دیکھ سکتی اس کو تمام آنکھیں اور نہ پہنچ سکتے ہیں اس تک تمام گمان اور نہ تعریف کر سکتے اس کی

الواصفون ولا تحافه الدوائر ولا تفنیه العواقب یعلم مثاقیل
واصف لوگ اور نہ اس کا احاطہ کر سکتے ہیں دائرے اور نہ اسے فنا کر سکتے ہیں انجام وعواقب جانتا ہے مقداریں

الجبال ومكائیل البحار وعدد قطر الامطار وعدد ورق الاشجار
پہاڑوں کی اور ناپ سمندروں کے اور تعداد بارشوں کے قطرات کی اور درختوں کے پتوں کی

وَعَدَدَمَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَاَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ وَالْاَنْوَارُ مِنْهُ سَمَا

اور تعداد ہر اس شئی کی جس پر رات سایہ فگن ہوئی یا دن ضوء فگن ہوا اور تمام انوار اسی سے بلند ہوئے

وَلَيْسَ مِنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ اِلَّا يَعْلَمُ مَا فِيْ وَعْرِهَا وَلَا

اور نہیں کوئی آسمان اور زمین اور نہ پہاڑ مگر جانتا ہے جو کچھ ان کے دشوار گزار مقامات میں ہے اور نہیں

فِيْ بِحَارٍ اِلَّا يَعْلَمُ مَا فِيْ قَعْرِهَا وَفِيْ قُدْرَتِهِ الْاَكْمَلِ عَظَمُوْتِ

کوئی سمندر مگر جانتا ہے جو ان کی گہرائیوں میں ہے اور اس کی قدرت کاملہ کے احاطہ میں ہے عظمت

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ خَيْرًا فِيْ عَمَلِيْ وَفِيْ خَوَاتِمِهٖ

آسمانوں کی اور زمینوں کی ۔ اے اللہ بنا میرے لیے خیر میرے عمل میں اور اس کے خاتمہ میں

وَخَيْرًا لِّيْ يَوْمَ اَلْقَاكَ فِيْهِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ

اور خیر اس دن میں جس میں تیری ملاقات کروں گا۔ بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے ۔ اے اللہ

اِنْ دَخَلَ الشَّكُّ فِيْ اِيْمَانِيْ بِكَ وَفِيْ تَوْحِيْدِيْ اِيَّاكَ وَ

اگر داخل ہو شک میرے ایمان میں اور میری توحید میں اور کفر

الْكُفْرُ فِيْ اِسْلَامِيْ بِكَ وَالْعُجْبُ وَالْكِبْرُ وَالرِّيَآءُ وَالسُّمْعَةُ

میرے اسلام میں ۔ اور فخر و تکبر اور ریاکاری اور شہرت کی خواہش

وَالنُّقْصَانُ فِيْ عَمَلِيْ لَكَ وَجَرَى الْكِذْبُ وَالْغِيْبَةُ وَالنَّمِيْمَةُ

اور نقصان میرے عمل میں جو تیرے لیے ہو اور جاری ہو جھوٹ اور غیبت ۔ چغل خوری

وَالْبُهْتَانُ عَلٰى لِسَانِيْ وَالْخَطَرَةُ وَالْوَسْوَسَةُ فِيْ صَدْرِيْ وَ

اور بہتان تراشی میری زبان پر اور خواطر و وساوس میرے دل میں اور

التَّشْبِيْهُ وَالتَّقْصِيْرُ فِيْ مَعْرِفَتِيْ اِيَّاكَ وَالنِّفَاقُ فِيْ قَلْبِيْ وَ

مخلوق سے مشابہ سمجھنا تجھے اور کوتاہی کرے تیری معرفت میں اور تمام تر

مِنَ الذُّنُوْبِ الْكَبَآئِرِ وَالصَّغَآئِرِ كُلِّهَا وَالرِّيَآءُ فِيْ اَعْمَالِيْ وَاَقْوَالِيْ

گناہ بڑے اور چھوٹے اور ریاکاری اعمال و اقوال اور اعمال میں

وَاَفْعَالِيْ وَلَمْ اَعْلَمْ بِهٖ اَوْ عَلِمْتُ تُبْتُ عَنْهُ وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ

خواہ یہ امور مجھے معلوم نہ ہو سکیں یا معلوم ہوں میں نے ان سب سے توبہ کی اور اسلام لایا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ مَا عَلِمْتُ مِنْ

اور میں قائل ہوں "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کا۔ اے اللہ جو معلوم کی میں نے برائی

سُوْءٍ وَّمَا اَرَدْتَّ لِيْ مِنْ خَيْرٍ فَلَمْ اَشْكُرْهُ وَمَا قَدَّرْتَ عَلَيَّ

اور جو ارادہ کیا تو نے میرے لیے بھلائی کا پس میں اس کا شکر ادا نہ کر سکا اور جو امر تو نے مجھ پر

مِنْ اَمْرٍ فَلَمْ اَرْضَهٗ وَمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ مِنْ نِّعْمَةٍ فَعَصَيْتُكَ

مقدر فرمایا مگر میں اس پر راضی نہ ہوا اور جو تو نے مجھ پر انعام فرمایا پس میں نے نافرمانی کی

فِيْهِ وَمَآ اَوْلَيْتَنِيْ مِنْ نَّعْمَآئِكَ فَغَفَلْتُ عَنْ شُكْرِكَ وَمَآ اَوْلَيْتَنِيْ

اس میں اور جن کا مالک بنایا تو نے نعمتوں پس میں غافل ہوا تیرے شکر سے اور جن انعامات کا والی بنایا

مِنْ اٰلَآئِكَ فَلَمْ اُؤَدِّ حَقَّهٗ وَمَا مَنَنْتَ عَلَيَّ مِنَ الْحُسْنٰى فَلَمْ

پس میں نے ان کا حق ادا نہ کیا اور جس نیکی کا تو نے احسان فرمایا پس میں نے حمد

اَحْمَدْكَ وَمَآ اَجْبَلْتَ بِهٖ عَلَيَّ مِنَ النَّظَرِ فِيْكَ فَغَمَضْتُ عَنْهُ

نہ کی ۔ اور جو صلاحیت پیدا فرمائی تو نے تیری ذات پر نظر کی پس میں نے آنکھ بند کر لی اس

وَمَا صَنَعْتُ فِيْ عُمُرِيْ بِمَا لَمْ تَرْضَ وَمَا قَصَّرْتُ مِنْ عَمَلِيْ

سے اور جو کیا میں نے عمر بھر میں ایسی کام جس سے تو راضی نہیں تھا اور جو قصور کیا میں نے عمل میں

فِيْ رَجَآئِكَ وَاِنِ اعْتَمَدْتُّ عَلٰى سِوَاكَ فِي الشَّدَآئِدِ وَاِنِ

تیری امید عفو پر اور اگر میں نے بھروسہ کیا غیروں پر شدائد میں اور اگر

اسْتَعَنْتُ مِنْ غَيْرِكَ فِي النَّوَآئِبِ وَمَآ اَصْلَحْتَ فِيْ شَانِيْ

استعانت کی غیروں سے حوادث میں اور جو میرا حال تو نے درست کیا

بِفَضْلِكَ وَرَاَيْتُهٗ مِنْ غَيْرِكَ وَاِنْ زَالَتْ قَدَمِيْ عَنِ الصِّرَاطِ

اپنے فضل سے اور میں نے اس کو سمجھا غیر کی طرف سے اور اگر لغزش کھائی میرے قدم نے راہ راست سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للّٰه والمنّة

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منّان تحفۂ عجائب و ہدیۂ غرائب الی اللّٰہ

مقبول بارگاہ شاہِ کونین حضرت محمد رسول اللّٰہ

مُسمّٰی بہ

مجموعۂ صلوات الرّسول

الجُزء السادس عشر

فِیْ عَظْمَتِهٖ وَعِزَّتِهٖ صلی اللّٰہ علیہ وسلم

از تصنیف خادمِ مخلوقِ الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی

حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ محمد عبد الرّحمٰن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

بِالسُّؤَالِ مِنْ غَيْرِكَ فَثَبِّتْنِيْ اَللّٰهُمَّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ

غیر سے سوال کی وجہ سے پس ثابت قدمی عطا فرما مجھے (ان تمام امور میں)۔ اے اللہ۔ اے حی و قیوم۔ اے حنان و منان

يَا دَيَّانُ يَا سُلْطَانُ يَا سُبْحَانُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ

اے جزاء کامل دینے والے۔ اے شہنشاہ۔ اے پاک و مقدس۔ نہیں معبود برحق مگر تو۔ تو پاک ہے۔ بیشک میں

كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ

ظلم پیشہ لوگوں سے ہوں۔ پس ہم نے ان کی دعا قبول کی اور نجات دی انہیں غم سے اور

كَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا

ایسے ہی نجات دیتے ہیں اہل ایمان کو۔ اور یاد کرو زکریا کو جبکہ انہوں نے پکارا اپنے رب کو۔ اے میرے رب نہ

تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

چھوڑیے مجھے اکیلا (بے اولاد) اور تو بہترین وارث ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّظْهَرِ

نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمدؐ کی آل پر جو محبوب تیری

الْاَحَدِيَّةِ وَمَجْلٰى حَضْرَتِ التَّجَلِّيَاتِ الْقُدُسِيَّةِ

احدیت کے مظہر ہیں اور جلوہ گاہ ہیں تیری تجلیات قدسیہ واحدیہ کی

الْوَاحِدِيَّةِ وَحُضُوْرِ حَضَرَاتِ

بارگاہ کے اور حاضر ہونے کے حق دار ہیں

الْمُقَدَّسَةِ الْوَحْدَانِيَّةِ

مقدس وحدانی بارگاہوں میں

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ

فرما دیجئے وہ اللہ یگانہ ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس نے کسی کو جنم دیا اور نہ وہ

يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

جنا گیا۔ اور نہیں اس کا کوئی ہمسر اور ہم پلہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع جو بہت رحم کرنے والا مہربان ہے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسۡئَلُكَ بِعِزَّةِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط وَبِعَظۡمَةِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل عزت "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کے اور بطفیل عظمت

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط وَبِبَدۡرِقَةِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کے اور بطفیل رہبری "بسم اللہ الرحمٰن

الرَّحِیۡمِ ط وَبِعَطِیَّةِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ

الرحیم کے اور بطفیل عطیہ" بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کے تمام ثنائیں اللہ رب العالمین

الۡعٰلَمِیۡنَ ۝ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ مٰلِكِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝ اِیَّاكَ

کے لیے ہیں جو غایت رحمت والا۔ مہربان۔ روز جزا کا مالک ہے۔ تیری ہی

نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ ط ۝ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۝ صِرَاطَ

عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں۔ چلا ہمیں راہ راست پر۔ راہ

الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡهِمۡ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ۝

ان لوگوں کی جن پر تیرا انعام ہے نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا ہے اور جو گم گشتہ راہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیۡ سَرٰی اِلٰی مَقَرِّ الرَّحۡمَةِ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جنہوں نے معراج فرمایا قرار گاہ رحمت

وَحِجَابِ الۡعَظۡمَةِ وَالۡمُنَادِیۡ یُنَادِیۡ هٰذَا رَفِیۡقُ الۡاُمَّةِ وَالشَّفِیۡقُ

اور حجاب عظمت تک اور منادی حق کہتا تھا یہ ہیں اُمت کے رفیق اور خلق خداوند تعالےٰ

لِخَلۡقِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیۡ قَفَلَ مِنۡ

پر شفیق۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو معراج سے لوٹے

مَسۡرَاهُ وَاَعۡلَامُ عِزِّهٖ ظَاهِرَةٌ وَعَظَمَتِهٖ فَاخِرَةٌ وَاَنۡوَارُ

جبکہ ان کی عزوجاہ کے پرچم غالب تھے اور عظمت کے جھنڈے فخر کناں تھے اور ان کی طلعت مبارکہ

طَلْعَتِهِ السَّعِيْدَةِ بَاهِرَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

کے انوار غالب تھے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِیْ جَلَا عُرُوْسَ عِزِّهِ الْمَتِيْنِ عَلٰى مَعَالِیْ قُصُوْرِ اَهْلِ

کہ جلوہ گر ہوا ان کی پائیدار عزت کا عروس اہل علیین کے بلند و بالا محلات

عِلِّيِّيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ جَلَا عُرُوْسَ

پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جلوہ گر ہوا اللہ کی

عَظَمَةِ اللهِ وَعِزَّتِهِ مِنْ مَّظَاهِرِهِ الْاِنْسَانِيَّةِ عَلٰى غُرَرِ

عظمت و عزت کا عروس ان کے مظاہر انسانیہ سے عنایت ربانیہ

اٰفَاقِ الْعِنَايَةِ الرَّبَّانِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

کے آفاق کی پیشانیوں پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِیْ اَيْقَظَهُ جِبْرَآئِيْلُ مِنْ مَّنَامِهِ اِلٰى مَحْمَلِ تَعْظِيْمِهِ وَ

جنہیں جگایا جبریل نے نیند سے ان کے مقام تعظیم اور

مُكَلَّلِ عِزَّتِهِ وَمُنْحَلِ عَظَمَتِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

مرصع تاج عزت اور عطاء عظمت کے مقام کی طرف ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِیْ لَمَّا جَمَحَ الْبُرَاقُ عِنْدَ رُكُوْبِهِ عَلَيْهِ نَادَاهُ جِبْرَآئِيْلُ

کہ جب سرکشی کی براق نے آپ کے سوار ہوتے وقت تو کہا اسے جبرئیل نے

اُسْكُنْ فَمَا رَكِبَكَ اَكْرَمُ عَلَى اللهِ مِنْهُ وَلَا اَعَزُّ مِنْهُ لَدَيْهِ

سکون سے کام سے کیونکہ نہیں سوار ہوا تجھ پر ان جیسے عزت وعظمت والا اللہ تعالیٰ کے ہاں اور نہ معزز اس کے پاس

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ فُتِحَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کے لیے آسمانوں کے دروازے

بَابًا بَابًا وَاخْتُرِقَتْ لَهُ حُجُبُ الْعِزَّةِ حِجَابًا وَّكَانَتْ رُءُوْسَآءُ

یکے بعد دیگرے کھولے گئے اور پھاڑے گئے ان کے لیے حجابات عزت ایک ایک کرکے اور روحانیوں

الرُّوْحَانِيِّيْنَ تُهَنِّيْهِ وَعُظَمَآءُ الْمُقَرَّبِيْنَ تُحَيِّيْهِ اَللّٰهُمَّ

کے سردار ان کو تہنیت کہتے تھے اور مقربین کے رؤساء انہیں ہدیے پیش کرتے تھے ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰى وَقَدْ بَالَغَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو معراج پر چلے اور انتہاء کر دی ملائکہ نے

فِیْ تَعْظِيْمِهِ وَاِكْرَامِهِ وَاِعْزَازِهِ وَاِسْتِلَامِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ان کی تعظیم و تکریم اور اعزاز میں اور ہدیۂ سلام میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰى وَقَدْ سَبَقَ اَهْلَ الْفَضْلِ وَالتَّقْدِيْمِ

سیدنا محمد پر جو معراج پر چلے جبکہ سبقت لے جا چکے تھے ارباب فضیلت اور سرخیلوں سے

اِلٰى مَحَلِّ الْفَخْرِ وَالتَّعْظِيْمِ وَهُوَ فِیْ عِزَّةِ اللهِ وَعَظَمَةِ اللهِ

طرف مقام فخر و تعظیم کے اور وہ اللہ تعالیٰ کی عزت و عظمت میں مستغرق تھے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن

زَهَتْ بِهِ بَيْتُ الْعِزَّةِ وَالرَّحْمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

کی بدولت فخر حاصل کیا بیت العزت والرحمت نے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ غَدَتْ بِهِ النُّفُوْسُ مُعْتَزَّةً وَالْقُلُوْبُ فِیْ عِزَّةٍ

محمد پر کہ جن کی بدولت نفوس عزت والے ہوئے اور دلوں نے عزت

وَّعَظَمَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

و عظمت پائی ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِیْ قَرَنَ اللهُ الْيُمْنَ وَالتَّوْفِيْقَ بِيُمْنِ عَظَمَتِهِ وَطَلَعَتْ

کہ اللہ تعالیٰ نے ملا دیا ہے یمن اور توفیق کو ان کی عظمت کے یمن و برکت سے اور طلوع ہوا

عِزَّتُهُ عَلٰٓى اُفُقِ خَلْقِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

ان کا آفتاب عزت مخلوق کے افق پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ جَعَلَ اللّٰہُ حَقَّهٗ اَعْظَمَ الْحُقُوْقِ بِعَظَمَتِهٖ

آل اطہار پر کہ اللہ نے بنا دیا ہے ان کا حق سب حقوق سے عظیم تر بسبب ان کی عظمت کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِعْمَ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو محبوب

الرَّجُلُ لِعِزَازَتِهٖ عَلٰی رَبِّهٖ وَكَرَامَتِهٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

بہت اچھی شخصیت ہیں بسبب معزز و مکرم ہونے کے رب تعالیٰ کے ہاں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیْفِ الْمِلَّةِ وَالدِّیْنِ وَالْاِخْلَاصِ

محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو ملت و دین کے لیے اور اخلاص

وَالْیَقِیْنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

ویقین کی شمشیر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار

مُحَمَّدِنِ الْاَعَزِّ الْاَتَمِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

پر جو انتہائی معزز اور کامل ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ اَعَزِّ النَّاسِ نَفَرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کی آل امجاد پر جو سب انسانوں سے معزز جماعت والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَعَزِّ مَنِ انْتَصَرَ بِاللّٰهِ وَاسْتَنْصَرَ بِحُرْمَتِهٖ

اور آپ کی آل پر جو عزیز تر ہیں اللہ سے مدد پانے والوں میں اور عزیز تر ہیں ان تمام سے جن کی حرمت

وَعِزَّتِهٖ وَشَرَفِهٖ وَجَاهِهٖ وَقَبُوْلِهٖ عِنْدَكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

و عزت اور جاہ و شرف اور قبولیت کے طفیل نصرت طلب کی گئی۔ اے اللہ بے انتہاء صلوٰۃ نازل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَایَةَ لِعِزَّتِكَ وَ

فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل امجاد پر جیسے کہ تیری عزت کی اور اس کے

عَدَدِ عِزَّتِكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اعداد کی انتہاء نہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل امجاد پر

مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَایَةَ لِعِزَّتِهٖ وَعَدَدِ عِزَّتِهٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

بے انتہاء جیسے کہ نہیں انتہاء ان کی عزت اور عزت کے اعداد کی۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَایَةَ لِاِحْسَانِكَ

سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل امجاد پر جیسے کہ نہیں انتہاء تیرے احسان کی

وَعَدَدِ اِحْسَانِكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اور اس کے اعداد و شمار کی۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَایَةَ لِاِحْسَانِهٖ وَعَدَدِ اِحْسَانِهٖ اَللّٰھُمَّ

آل امجاد پر جیسے کہ نہیں حد ان کے احسان کی اور نہ اس کے اعداد و شمار کی۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَایَةَ

بے انتہاء صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جیسے کہ نہیں انتہاء

لِعَظَمَتِكَ وَعَدَدِ عَظَمَتِكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

تیری عظمت اور اس کے اعداد و شمار کی۔ اے اللہ بے انتہاء صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَایَةَ لِعَظَمَتِهٖ وَعَدَدِ عَظَمَتِهٖ اَللّٰھُمَّ

آپ کی آل پر جیسے کہ نہیں انتہاء ان کی عظمت اور اس کے اعداد و شمار کی۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَایَةَ

بے حد صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جیسے کہ نہیں حد

لِرَحْمَتِكَ وَعَدَدِ رَحْمَتِكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

تیری رحمت اور اس کے اعداد و شمار کی۔ اے اللہ بے حد صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَایَةَ لِرَحْمَتِهٖ وَعَدَدِ رَحْمَتِهٖ

آپ کی آل امجاد پر جیسے کہ حد نہیں ان کی رحمت اور اس کے اعداد و شمار کی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا

اے اللہ صلوٰۃِ نا محدود نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس طرح کہ

نِهَايَةَ لِعِلْمِكَ وَعَدَدِ مَا أَحَاطَ بِهِ عِلْمُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

لا محدود ہے علم تیرا اور غیر محدود ہیں معلومات تیرے۔ اے اللہ لا محدود صلوٰۃ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِعِلْمِهٖ وَ

نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آپ کی آل پر جیسے کہ غیر محدود ہے ان کا علم اور

عَدَدِ مَا أَحَاطَ بِهٖ عِلْمُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ان کے معلومات۔ اے اللہ بے حد صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر

آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِجُودِكَ وَعَدَدِ جُودِكَ اَللّٰهُمَّ

اور آپ کی آل پر جیسے کہ نہیں حد تیرے جود اور اس کے شمار کی۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَايَةَ

صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آپ کی آل پر جیسے کہ نہیں حد

لِجُودِهٖ وَعَدَدِ جُودِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ان کے جود و نوال اور اس کے اعداد و شمار کی۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آپ

آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِحِلْمِكَ وَعَدَدِ حِلْمِكَ اَللّٰهُمَّ

کی آل پر جیسے کہ نہیں انتہاء تیرے حلم کی اور اس کے عدد و شمار کی۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَايَةَ

صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آپ کی آل پر جیسے کہ نہیں انتہاء

لِحِلْمِهٖ وَعَدَدِ حِلْمِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ

ان کے حلم اور اس کے عدد و شمار کی۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَرَمِكَ وَعَدَدِ كَرَمِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کی آل پر جیسے کہ نہیں انتہاء تیرے کرم اور اس کے عدد و شمار کی۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا لَا نِهَايَةَ

نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آپ کی آل امجاد پر جیسے کہ بے حد ہے

لِكَرَمِهٖ وَعَدَدِ كَرَمِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى نُورِكَ

کرم ان کا اور لامحدود ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ اور سلامتی و برکات نازل فرما اپنے نور

الْعَزِيزِ وَشُعَاعِكَ الْغَالِبِ وَرُوحِكَ السَّارِي اَللّٰهُمَّ بِحُرْمَتِهٖ

عزیز اور شعاع غالب اور روح پر جو سرایت کئے ہوئے ہے ہر ذرہ کائنات ہیں۔ اے اللہ

وَبِعِزَّتِهٖ وَبِشَرَفِهٖ وَبِقَبُولِهٖ اَللّٰهُمَّ أَجِبْ بِعِزَّتِهٖ وَعِزَّتِكَ

بطفیل ان کی حرمت و عزت اور شرف و قبولیت کے۔ اے اللہ قبول فرما بطفیل ان کی عزت اور اپنی عزت کے

يَا مُعِزُّ يَا عَزِيزُ الْمَنِيعُ الْغَالِبُ عَلٰى جَمِيعِ أَمْرِهٖ فَلَا شَيْءَ يُعَادِلُهٗ

اے عزت دینے والے اے عزیز بلند و بالا۔ غالب تمام امور پر جس کے برابر کوئی شئے نہیں

أَعِزَّنِي بِالْأَحْوَالِ الْمُرْشِدَةِ إِلَى الْأَحْوَالِ الْقَوِيَّةِ بِالْمَلٰٓئِكَةِ

مجھے عزت بخش ایسے احوال کے ذریعے جو قوی احوال کی طرف رہنمائی کریں بسبب عرش و کرسی

الْعَرْشِيَّةِ وَالْكُرْسِيَّةِ الْقَوِيَّةِ الْمُفَرِّقَةِ الْقَتَّالَةِ لِأَعْدَآءِ

والے ملائکہ کے جو قوی اور پراگندہ کرنے والے اور قتل کرنے والے ہیں فقراء

الْفُقَرَآءِ وَالْمُسْتَعِدِّينَ الطَّالِبِينَ لِلْكَمَالَاتِ الْأُخْرَوِيَّةِ اَللّٰهُمَّ

کے اور ارباب استعداد کمالات اخرویہ کے طلب گاروں کے اعداء کو۔ اے اللہ

أَنْتَ الْغَالِبُ ذُو الْعَظَمَةِ وَالْقُدْرَةِ الْبَاهِرَةِ وَالْحِكْمَةِ الْعَالِيَةِ

تو ہی غالب ہے نمایاں عظمت و قدرت اور عالی حکمت والا ہے۔

أَعْطِنِي عِزَّةً عَظَمَةً غَالِبًا لِأُجْرِيَ دِينَ اللهِ وَذِكْرَ اللهِ بِحُبِّ

مجھے عطا فرما عزت اور عظمت اور غلبہ تاکہ جاری کرسکوں اللہ کے دین اور ذکر کو بسبب حب

اللهِ عَزَّ وَجَلَّ سُدَّتْ أَفْهَامُ الْعُقُولِ وَحُيِّرَتِ النُّفُوسُ عِنْدَ

الٰہیہ کے۔ بند ہوگئے افہام عقول کے اور حیرت زدہ ہو گئے نفوس وقت

الْمُطَالَعَةِ وَذَابَتِ الْأَبْدَانُ عِنْدَ الْمُشَاهَدَةِ وَعِنْدَ شَرْقِ

مطالعہ کے اور پگھل گئے بدن وقت مشاہدہ کے اور تیرے جمال کے کمال

جَمَالِكَ اِجْعَلْنِیْ غَالِبًا قَادِرًا عَلٰی نَفْسِی الْاَمَّارَةِ وَالْعُبُوْرِ فِی

ظہور کے بنادے مجھے غالب و قادر اپنے نفس امارہ پر اور راہ راست کے

الطَّرِيْقِ الْجَادَّةِ وَاِنْ غَالَبَ اَحَدٌ بِالْقَوْلِ وَالْجَارِحِ فَاقْلَعْهُ

عبور پر۔ اور اگر کوئی غالب آنے کی کوشش کرے زبان اور اعضاء سے تو اسے اکھیڑ پھینک

وَاَجْمِعْهُ اِلٰی تَفْرِيْقَةٍ اِنْ كَانَ قَاصِدًا اِلَیَّ بِالسُّوْءِ وَالْاِهَانَةِ

اور مجھ سے جدا کر اگر میرے ساتھ برائی اور اہانت کا قصد رکھتا ہو

دَاعِيًا مُرَوِّعًا اِلَی الْاِيْذَاءِ اِلَّا اَنَّكَ اِنْ كُنْتَ رَاضِيًا بِهٖ فَاِنِّیْ

اور ایذاء و تخویف کا داعیہ رکھتا ہو لیکن اگر تو اس سے راضی ہو تو میں بھی

اَرْضٰی بِهٖ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَنِيْعُ الْغَالِبُ عَلٰی كُلِّ اَمْرٍ فَلَا يُقَاوِمُكَ

اس ایذاء و تکلیف پر راضی ہوں گا۔ اے اللہ تو بلند و بالا اور غالب ہے ہر امر پر تیرے سامنے نہ کوئی ٹھہر سکتا ہے

وَلَا يُصَادِمُكَ اَحَدٌ اِجْعَلْنِیْ مَنِيْعًا غَالِبًا عَلٰی كُلِّ جِنِّیٍّ وَّرُوْحِیٍّ

اور نہ ٹکر لے سکتا ہے مجھے بھی ناقابل تسخیر و غالب بنا دے ہر جن اور ذی روح

وَّرُوْحَانِیٍّ حَتّٰی تُغَيِّرَ دَعْوَتِیْ اَفْعَالَهُمْ اِلٰی اِهْمَالِهَا مُنْقَادَةً

اور روحانی مخلوق پر حتّٰی کہ کردے میری دعوت ان کے افعال کو بے اثر درآنحالیکہ وہ تابعدار،

مُطِيْعَةً زَمِنَةً اِلٰی اَفْعَالِهَا اِنْ اَرَادَ عَبْدُكَ الدَّاعِیْ وَاِنْ قَصَدَ

اطاعت گزار اور بے دست و پا ہوں اپنے افعال میں اگر تیرا دعا گو بندہ ایسے چاہے اور اگر قصد کرے

الْغَلَبَةَ وَالْقَهْرَ فَاسْلُبِ الْبَاعِثَةَ وَالْفِعْلَ مِنْهُ وَعَطِّلِ الْقُوٰی

غلبہ اور قہر کا تو سلب فرما اس سے جذبہ اور فعل اور معطل فرما ان کے

الْفَاعِلَةَ الْمُتَحَرِّكَةَ مِنْهُ اِلٰی هٰذَا الدَّاعِیْ سِوَی الْقَصْدِ بِالْاِحْسَانِ

قوائے متحرکہ فاعلہ کو اس دعا گو کے لیے سوائے احسان

وَالْاَخْلَاقِ وَالْمُدَارَاةِ الدِّيْنِيَّةِ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ غَيْرِ دَعْوٰی

و حسن خلق اور دینی روا داری کے قصد کے جو خالص تیرے لیے ہو بغیر دعوائے

صَدَارَةٍ وَّادِّعَاءِ جَاهٍ فَيَا اِلٰهَ كُلِّ شَجَرٍ ذِیْ اُصُوْلٍ قَوِيَّةٍ وَّ

صدارت کے اور طلب جاہ کے تو اسے الٰہ ہر شجرہ کے جو مضبوط تنوں والے ہیں اور

جِبَالٍ رَّاسِيَاتٍ حَتّٰی جَعَلْتَ مُوْسٰی عَلَيْهِ السَّلَامُ غَالِبًا عَلٰی جُنْدِ

پائیدار پہاڑوں کے تو نے موسیٰ علیہ السلام کو غالب فرمایا فرعون کے

فِرْعَوْنَ حَتّٰی اٰمَنَ السَّحَرَةُ وَالْتَقَمَ الْعَصَا الْحَيَّاتِ الْبَاطِلَةَ وَ

لشکر پر یہاں تک کہ جادوگر ایمان لائے اور آپ کا عصا نگل گیا جھوٹے سانپوں اور

الْاَفَاعِیَ السَّمُوْمِيَّةَ وَجَعَلْتَ سُلَيْمَانَ حَاكِمًا عَلَی الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

زہریلے اژدہوں کو اور تو نے سلیمان علیہ السلام کو حکم بنایا جن و انس اور

وَمَرَدَةِ الشَّيَاطِيْنِ فَاجْعَلْنِیْ بِحُرْمَةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ

سرکش شیاطین پر تو مجھے بھی بنا بطفیل عزت اپنے نبی محمد صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْاَوْلِيَآءِ قَادِرًا وَّقَاهِرًا

علیہ وسلم کے اور بطفیل حرمت تمام انبیاء و اولیاء کے غالب اور قاہر

عَلٰی اَعْدَآئِیْ وَكُنْ لِّیْ مُعِيْنًا وَّنَاصِرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اپنے اعداء پر اور میرا مددگار اور ناصر ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَاقِبٍ صَلٰوةً تُعَاقِبُ بِهَا لَنَا بَرَكَةً دَآئِمَةَ الْاِتِّصَالِ وَالتَّوَالِیْ

آخر الزمان نبی پر جس صلواۃ کی بدولت ہمیں مسلسل اور لگاتار برکتیں عطا کرے جو

مُتَعَاقِبَةً بِتَعَاقُبِ الْاَيَّامِ وَاللَّيَالِیْ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ط

پے در پے ہوں دنوں اور راتوں کے تسلسل کے مطابق اور اچھی عاقبت متقیوں کے لیے ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی طٰهٰ صَلٰوةً تَمْلَحُنَا بِهَا وَبِطَآئِهَا طَلَبَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما طٰہٰ نبی پر کہ عطا کرے اس صلوٰۃ کے طفیل اور طٰہٰ کی طاء کے طفیل طلب

الْاَبْلَجِ وَهِدَايَةَ الْاَبْهَجِ وَالْاَنْهَجِ طٰهٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ

روشن و نورانی محبوب کی اور ہدایت بارونق اور واضح و کشادہ راہ کی طٰہٰ۔ نہیں نازل کیا ہم نے آپ پر

الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى يٰسٓ صَلٰوةً تَخُصُّنَا بِهَا

قرآن تاکہ مشقت میں پڑو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما یٰسین پر کہ جس صلوٰۃ کے ساتھ ہمیں مخصوص ٹھہرائے

وَبِنِدَاءِ يٰاَيُّهَا بِمَحَبَّةِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَبِسِرِّ سِيْنِهَا فِيْ اَسْرَارِ

اور اس کی یاء کی نداء کے ساتھ بطفیل محبت رحمانیہ کے اور ساتھ سین کے

الرَّبَّانِيَّةِ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ عَلٰى

سر کے اسرار ربانیہ میں۔ یٰسین قسم ہے حکمتوں بھرے قرآن کی۔ بیشک تو البتہ مرسلین میں سے ہے راہ

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى طَاهِرٍ صَلٰوةً تُطَهِّرُنَا

راہ راست پر ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما نبی طاہر پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں پاک

بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْخَوَاطِرِ النَّفْسَانِيَّةِ وَالْاَهْوَالِ الرَّدِيَّةِ اِنَّ اللّٰهَ

فرمائے تمام نفسانی خیالات اور ردی احوال سے۔ بیشک اللہ تعالے

يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

توبہ کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے اور اچھی طرح طہارت رکھنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

مُطَهِّرٍ صَلٰوةً تُطَهِّرُنَا بِهَا عَنْ قَاذُوْرَاتِ الْبَشَرِيَّةِ وَالشَّهَوَاتِ

فرما مطہر نبی پر جس صلوٰۃ کے ذریعے ہمیں پاک فرمائے بشری آلودگیوں اور شیطانی

الشَّيْطَانِيَّةِ بِطَهَارَةِ الْمُطَهَّرَةِ فَاطَّهَّرُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

شہوات سے ساتھ کامل طہارت "اچھی طرح طہارت حاصل کرو"۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى طَيِّبٍ صَلٰوةً تُطَيِّبُنَا بِهَا بِطَلَبِ الطَّيِّبِ الْمُطَيِّبِ بِطَيِّبِ

طیب نبی پر کہ پاکیزہ فرمائے ساتھ اس صلوٰۃ کے طیب مطیب کی طلب کے لیے ساتھ اس پاکیزہ کے

كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ

کلمہ طیبہ مانند پاکیزہ درخت کے ہے جس کی بنیاد زمین میں راسخ اور شاخیں آسمان میں ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدٍ صَلٰوةً تُعَظِّمُنَا بِهَا بِعَظَمَةِ بَلَاغَةِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سید نبی پر کہ ہمیں معظم بنا دے بسبب اس صلوٰۃ کے ساتھ اس عظمت و کمال

سِيَادَةٍ كَرَامَةٍ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

اور سیادت و کرامت کے "بیشک تم سب سے عزت والا اللہ تعالیٰ کے ہاں تم سب سے زیادہ پرہیزگار ہے"۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى رَسُوْلٍ صَلٰوةً تُرْسِلُنَا بِهَا اِلٰى غُرُفَاتِ الْفِرْدَوْسِ

سلام نازل فرما رسول گرامی پر کہ پہنچاتے ہیں اس صلوٰۃ کے ذریعے فردوس اعلیٰ کے

مِنَ الدَّرَجَةِ الْعُلٰى الَّتِيْ لَا دَرَجَةَ فَوْقَهَا هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ

بالاخانوں والے درجات عالیہ تک کہ ان سے بلند کوئی درجہ نہیں وہی ہے جس نے بھیجا

رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَكَفٰى

اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ تاکہ غالب کرے اسے تمام ادیان پر اور کافی ہے

بِاللّٰهِ شَهِيْدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى نَبِيٍّ صَلٰوةً تُنَبِّئُنَا بِهَا

اللہ تعالیٰ بطور گواہ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما نبی کریم پر کہ خبردار کرے ہمیں اس صلوٰۃ کے ذریعے

بِالْاٰدَابِ وَالْحِكَمِ وَتُوَفِّقُنَا بِهَا لِلْاٰدَابِ وَالْحِلْمِ يٰاَيُّهَا

آداب اور حکمتوں پر اور توفیق دے اس کے ذریعے آداب و حکمتوں کی۔ " اے ایمان

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ اَللّٰهُمَّ

والو نہ بلند کرو اپنی آوازیں نبی اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آواز پر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى رَسُوْلِ الرَّحْمَةِ صَلٰوةً تَرْحَمُ بِهَا صُدُوْرَنَا

صلوٰۃ و سلام نازل فرما رسول رحمت پر جس صلوٰۃ کے طفیل رحمت فرمائے ہمارے سینوں پر

بِاٰثَارِ اَسْرَارِ اَنْوَارِ رَحْمَتِكَ الرَّحِيْمِ الْعَظِيْمِ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

ساتھ آثار و اسرار اور انوار رحمت کے۔ اے رحیم و عظیم " اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو

اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَيِّمٍ صَلٰوةً تُقِيْمُنَا

مگر سراسر رحمت واسطے تمام جہانوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما مدبر و منتظم پر جس صلوٰۃ کی بدولت قائم

بِهَا عَلَى الدِّيْنِ الْقَيِّمِ الْمُقِيْمِ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

رکھے ہمیں اپنے دین قدیم اور پائیدار پر وہی ہے دین قدیم اور پائیدار لیکن اکثر لوگ

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَامِعِ صَلٰوةً تَجْمَعُ
لوگ نہیں جانتے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما جامع الکمالات نبی پر کہ جمع کرے
بِهَا فِيْنَا حُبَّكَ وَحُبَّ الْعَمَلِ الَّذِيْ يُقَرِّبُنَا اِلٰى حُبِّكَ رَبَّنَآ اِنَّكَ
اس صلواۃ کے ذریعے ہم میں اپنی محبت اور اس عمل کی محبت جو ہمیں قریب کرے تیری محبت کے ۔ اے رب ہمارے بیشک
جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُقْتَفٍ
تو جمع کرنے والا ہے لوگوں کو ایسے دن میں جس میں شک نہیں ہے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما آخری نبی پر
صَلٰوةً تُوَرِّثُنَا بِهَا وِرَاثَةَ الْاَنْبِيَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَقَفِّيْنَا عَلٰٓى
کہ وارث بنائے اس کی بدولت ہمیں انبیاء اور صالحین کا " اور پیچھے لائے ہم
اٰثَارِهِمْ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُقَفٍّ صَلٰوةً تَسْتَقِيْمُنَا بِهَا
ان کے آثار و نشانات کے " اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما آخر الزمان نبی پر کہ سیدھا کرے ہمیں اس کے طفیل
بِاسْتِقَامَةِ الْمُحِبِّيْنَ وَوِرَاثَةِ الْمَحْبُوْبِيْنَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ
محبین والی درستگی کی مانند اور محبوبین والی وراثت (عطا کرے) " اور بعد ان کے لائے ہم
بِالرُّسُلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى رَسُوْلِ الْمَلَاحِمِ صَلٰوةً تُمِدُّنَا
رسولوں کو ۔ " اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد رسول جہاد و قتال پر کہ مدد فراہم کرے ہمیں
بِهَا بِفُتُوْحَاتِ الْمَكِّيَّةِ وَظُهُوْرَاتِ الْمَدَنِيَّةِ وَالْكَمَالَاتِ
اس صلواۃ کی بدولت فتوحات مکیہ اور مدنی غلبات اور کمالات الٰہیہ
الْاِلٰهِيَّةِ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلَافٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ
والی " یہ امداد فرمائے گا تمہاری تمہارا رب پانچ ہزار ملائکہ کے ساتھ
مُسَوِّمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى رَسُوْلِ الرَّاحَةِ صَلٰوةً
جو مخصوص نشانات والے ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما رسول راحت پر ایسی صلواۃ کہ
تُرِيْحُنَا بِهَا بِرَاحَةِ الذِّكْرِ وَالْفِكْرِ فِي التَّوْحِيْدِ وَالْعِرْفَانِ فَرَوْحٌ
راحت پہنچائے بطفیل اس کے راحت ذکر والی اور توحید و عرفان کے اندر فکر والی ۔ پس راحت

وَّرَيْحَانٌ وَّجَنَّةُ نَعِيْمٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى كَامِلٍ صَلٰوةً
اور با آرام معیشت ہے اور جنت ہے نعمتوں والی ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما کامل نبی پر کہ کامل
تُكَمِّلُنَا بِهَا بِكَمَالَاتِ الْاَخْلَاقِ الرَّضِيَّةِ وَالْاٰيَاتِ وَالْاَوْصَافِ
کرے ہمیں بطفیل اس صلواۃ کے ساتھ پسندیدہ اخلاق اور کمالات کے اور پسندیدہ آیات و اوصاف کے
الْمَرْضِيَّةِ بِكَمَالِ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ
بسبب اس کمال کے " آج کے دن کامل کیا میں تمہارے لیے تمہارا دین اور مکمل کیا تم پر اپنی
نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰٓى
نعمت کو اور پسند کیا تمہارے لیے اسلام کو بطور دین کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
اِكْلِيْلِ صَلٰوةً تُكَلِّلُ بِهَا رُءُوْسَنَا بِاَكْلِيْلِ لَطَآئِفِ السِّرِّيَّةِ
سر تاج انبیاء پر کہ تاج پہنائے ہمارے سروں کو بطفیل اس صلواۃ کے تاج لطائف سریہ
وَاَلْطَافِ الْخَفِيَّةِ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ
اور الطاف خفیہ کا " اللہ لطف فرمانے والا ہے اپنے بندوں کے ساتھ رزق دیتا ہے جس کو چاہے اور وہی
الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُدَّثِّرٍ صَلٰوةً تُدَثِّرُنَا بِهَا
توانا و غالب ہے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مدثر نبی پر کہ اوڑھائے ہمیں بطفیل اس صلواۃ
كِسَآءَ التَّشَيُّسِ وَالْمِثَالِ يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ وَرَبَّكَ
کے چادر وجود و تحقق اور تعین و تشخص کی " اے چادر اوڑھنے والے اٹھیے پس ڈرائیے (عذاب نار سے) اور رب کی
فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُزَّمِّلٍ صَلٰوةً
کبریائی بیان کیجیے اور اپنے کپڑے پاک رکھیے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مزمل نبی پر کہ
تُزَمِّلُنَا بِهَا رِدَآءً سَاتِرًا بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ الْخَفِيِّ الْخَفِيِّ
پہنائے ہمیں بطفیل اس کے ڈھانپنے والی چادر ساتھ اپنے لطف کے جو سراسر مخفی و پوشیدہ ہے خصوصی توجہ والا ہے
بِالْمُوَحِّدِيْنَ بِتَزْمِيْلِ الْكَلِمَةِ يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
ساتھ موحدین کے بسبب پہنادے اس کلمہ کے یا ایہا المزمل ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ صَلٰوةً تُعَبِّدُنَا بِهَا بِمَرَاتِبِ الْعُلْيَا فِىْ قَابَ

وسلام نازل فرما اپنے مخصوص عبد پر کہ خدمت گزار بنائے ہمیں بسبب اس صلواۃ کے مراتب عالیہ کے ساتھ متصف فرما کر قاب

قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى حَبِيْبِ اللّٰهِ صَلٰوةً

قوسین او ادنیٰ کے مقام میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما حبیب اللہ پر جس صلواۃ کے ذریعے

تُحِبُّ بِهَآ اِلَيْنَا مَحْبُوْبِيَّتَكَ بِحُبِّ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ

محبوب ہو جائیں ہمارے ہاں اپنی شان محبوبیت کے لائق ساتھ اس محبت کے ۔ فرما دو اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو

فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى صَفِىِّ اللّٰهِ صَلٰوةً

تو میری اتباع کرو اللہ تمہیں محبوب بنالے گا ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما صفی اللہ پر کہ

تَصْطَفِيْنَا بِهَا بِاصْطِفَآءِ زَكِيَّةِ السَّرْمَدِيَّةِ الْمَرْضِيَّةِ اِنَّ اللّٰهَ

چن لے ہمیں بطفیل اس کے ساتھ پاکیزہ پسندیدہ سرمدی چناؤ کے " بے شک اللہ نے

اصْطَفٰهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِى الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ اَللّٰهُمَّ

چن لیا انہیں تم پر اور زیادہ کیا انہیں از روئے وسعت علمی اور جسمانی کے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى نَجِىِّ اللّٰهِ صَلٰوةً تُنَاجِيْنَا بِهَا بِنَجْوَةِ رُمُوْزِ

صلواۃ وسلام نازل فرما نجی اللہ پر جس صلواۃ کے طفیل تو ہمکلامی فرمائے ساتھ ہمارے ساتھ سرگوشی

الْعِرْفَانِ بِبَحْرِ عِرْفَانِ اَصْلِكَ وَبِفَجْوَةِ رُمُوْزِ تَوْحِيْدِ

رموز عرفان کے اپنی حقیقت کے بحر عرفان میں اور اپنی توحید

وَصْلِكَ كَمَا قُلْتَ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

وصل کے رموز کے کشادہ میدان میں جیسے کہ تو نے فرمایا "اور ہم نے قریب کیا انہیں بطور ہمکلام کے" اے اللہ صلواۃ وسلام نازل

كَلِيْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً تُكَلِّمُنَا بِهَا بِكَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَالصِّدْقِ

فرما کلیم اللہ پر کہ کلام فرمائے ہم سے بطفیل اس کے اور کلمۂ صدق و خلاص کے

بِكَلَامِ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

مانند اس کلام کے اور کلام کیا اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ یقینی کلام ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

خَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ صَلٰوةً تَخْتِمُنَا بِهَا بِخَاتَمِ النَّاجِيْنَ وَالرَّاجِيْنَ مَا

خاتم الانبیاء پر کہ مہر لگائے ہم پر بسبب اس صلواۃ کے مہر اہل نجات اور اہل رجاء کی " نہیں

كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ

تھے محمد کریم تم میں سے کسی مرد کے باپ لیکن وہ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى خَاتِمِ الرُّسُلِ صَلٰوةً تَبْعَثُنَا بِهَا مَعَ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما خاتم الرسل پر ایسی صلواۃ کہ اٹھائے ہمیں بطفیل اس کے ساتھ

النَّبِيّٖنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ بِتَفَضُّلِ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى

انبیاء و مرسلین کے ساتھ اس فضیلت کے " وہ عظیم الشان رسل کہ ہم نے فضیلت دی ان میں سے بعض کو

بَعْضٍ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحْيِىْ صَلٰوةً تُحْيِيْنَا بِهَا حَيٰوةً

بعض پر ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما زندہ فرمانے والے نبی پر کہ عطا فرمائے ہمیں بطفیل اس کے

طَيِّبَةً اَبَدِيَّةً فَاِنَّ اللّٰهَ حَىٌّ قَبْلَ كُلِّ حَىٍّ وَحَىٌّ بَعْدَ كُلِّ حَىٍّ وَّحَىٌّ

پاکیزہ ابدی زندگی پس تحقیق اللہ زندہ ہے پہلے ہر زندہ سے اور زندہ ہے بعد ہر زندہ کے اور زندہ ہے

فَوْقَ كُلِّ حَىٍّ وَحَىٌّ دُوْنَ كُلِّ حَىٍّ وَّحَىٌّ لَمْ يَرِثِ الْحَيٰوةَ مِنْ كُلِّ حَىٍّ

زائد حیات کے ساتھ ہر صاحب حیات سے اور صاحب حیات ہے کہ باطن و مخفی ہے ہر زندہ سے اور ایسا زندہ ہے کہ نہیں

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُذَكِّرٍ

وارث ہوا حیات کا کسی زندہ سے " اللہ نہیں معبود برحق مگر وہی حی قیوم " اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما نصیحت گر نبی پر

صَلٰوةً تُذَكِّرُنَا بِهَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ذٰلِكَ مِنْ

کہ یاد دہانی کرائے ہمیں بطفیل اس کے کتاب اللہ اور سنت رسول کی ۔ وہ اللہ کی

اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى نَاصِرٍ صَلٰوةً

آیات سے ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مددگار نبی پر کہ

تَنْصُرُنَا بِهَا نُصْرَةً كَامِلَةً بِاَشَآئِرِ بِشَآئِرِ يَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ

مدد فرمائے تو ہماری بطفیل اس کے مدد کامل ساتھ ان اشارات و بشارات کے " اس دن خوش ہوں گے مومن

بِنَصْرِ اللّٰهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْصُوْرٍ صَلٰوةً تُؤَيِّدُنَا بِهَا

ساتھ اللہ کی مدد کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما منصور نبی پر کہ تقویت بخشتے ہیں بطفیل اس کے اپنی غالب

بِنَصْرِكَ الْعَزِيْزِ نَصْرًا مُؤَزَّرًا بِالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ وَيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ط

نصرت کے ساتھ اور قوی امداد کے ساتھ جو قوت پائے قرآن مجید کے ساتھ" اور مدد فرمائے گا تیری اللہ تعالیٰ غالب امداد کیساتھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى نَبِيِّ الرَّحْمَةِ صَلٰوةً تَرْحَمُنَا بِهَا بِتَرْحِيْمٍ تَكْرِيْمٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما نبی رحمت پر کہ رحم فرمائے ہم پر بطفیل اس صلوٰۃ کے جو رحم و کرم

تَصْرِيْحٍ تَشْرِيْحٍ شَآبِيْبِ الشُّهُوْدِ مِلَاءٍ سِجَالِ زُلَالِ فُضَالِ فُيُوْضٍ وَ

صریح و وسیع کرنے والا ہو شہود کی بارشوں کو جو افضال و فیوض کے صاف پانی کے بھرے ڈولوں کی مانند ہو" اور تیرا

رَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُوالرَّحْمَةِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى نَبِيِّ التَّوْبَةِ صَلٰوةً تَقْبَلُ

بے نیاز رب رحمت والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما نبی توبہ پر کہ قبول فرمائے بسبب اس کے

بِهَا تَوْبَتَنَا وَتَغْسِلُ بِهَا حَوْبَتَنَا وَتَقْضِيْ بِهَا دُيُوْنَنَا وَتُصْلِحُ بِهَا اَحْوَالَنَا

ہماری توبہ اور دھوئے ہمارے گناہ اور ادا فرمائے ہمارے قرض اور درست فرمائے ہمارے احوال

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اے ایمان والو توبہ کرو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ خالص۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى عَلِيْمٍ صَلٰوةً تُعَلِّمُنَا بِهَا الْعُلُوْمَ اللَّدُنِّيَّةَ الْعُلُوْمَ اِلٰى مِيْقَاتِ

علیم نبی پر کہ سکھلائے ہمیں بطفیل اس صلوٰۃ کے علوم لدنیہ اور مدنی علوم روز

يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى حَرِيْصٍ عَلَيْكُمْ صَلٰوةً تُحَرِّصُنَا

قیامت تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما اُمت پر حریص نبی پر کہ ہمیں حریص بنا دے

بِحِرْصٍ مَا عَنِتُّمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اس حرص کے ساتھ "گراں ہے اس رحیم پر جو تمہیں مشقت میں ڈالے، مومنین کے ساتھ بہت مہربان رحم فرمانیوالے ہیں اے اللہ

شَهِيْرٍ صَلٰوةً تُشَهِّرُنَا بِهَا بِتَشْهِيْرِ الشَّرَآئِفِ وَتَيْسِيْرِ اِلٰى رَجَّافِ الْعَوَارِفِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما شہیر نبی پر کہ شہرت دے ہمیں بطفیل اس صلوٰۃ کے ساتھ عادات شریفہ کے اور سہل فرمائے معارف کے عطیات

الْمَعَارِفِ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى شَاهِدٍ

کے محرک شدید کو۔ پس بیقین رکھو کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ"۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما شاہد نبی پر

صَلٰوةً تُشْهِدُنَا بِهَا بِشَهَادَةِ اَسْرَارِ الْحَقِّ الْاَزَلِ وَمُشَاهَدَةِ اَنْوَارِ

کہ مشاہدہ کرائے ہمیں بطفیل اس کے حق ازلی کے اسرار کا اور سابق واوّلین انوار کا

السَّوَابِقِ الْاُوَلِ بِشَهَادَةِ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۵ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ

ساتھ اس شہادت کے "بے شک ہم نے بھیجا ہے طرف تمہاری ایسا رسول جو تم پر گواہ ہے"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى شَهِيْدٍ صَلٰوةً تُشْهِدُ بِهَا شُهُوْدَنَا فِيْ مُشَاهَدَةِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما شہید نبی پر کہ تو گواہی دے بطفیل اس کے ہمارے حاضر ہونے کی

عِرْفَانِ وَحْدَةِ اللّٰهِ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اپنی وحدت کے عرفان کے مشاہدہ میں" اور تو ہر شئے پر مطلع ہے"۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى مَشْهُوْدٍ صَلٰوةً تُشْهِدُنَا بِهَآ اِلٰى شُهُوْدِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ بِشُهُوْدِ

نازل فرما مشہود نبی پر کہ شاہد بنائے ہمیں ملک حق مبین کے شہود کا ساتھ اس

شَهَادَةِ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى بَشِيْرٍ صَلٰوةً

شہادت کے" اور قسم ہے حاضر ہونے والے کی اور قسم ہے مشاہدہ کئے ہوئے کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما بشیر نبی پر

تُبَشِّرُنَا بِهَا بِاَشَارَةِ بِشَارَةٍ كِبَارَةٍ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ

کہ بشارت دے ہمیں بطفیل اس کے ساتھ اس اشارت و بشارت اور بڑائی کے "پس بشارت دے اسے مغفرت اور بزرگ اجر کی"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُبَشِّرٍ صَلٰوةً تُبَشِّرُنَا بِهَا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا لِلّٰهِ بِبِشَارَةِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما مبشر نبی پر کہ بشارت دے ہمیں بطفیل اس کے بشارت دیتے اور ڈراتے ہوئے ساتھ اس

نَذَارَةٍ فِي اللّٰهِ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

بشارت و انذار کے جو محض اللہ کے لیے ہے" بیشک ہم نے بھیجا آپ کو شاہد اور مبشر و نذیر بنا کر تاکہ تم ایمان لاؤ ساتھ اللہ

وَرَسُوْلِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُنْذِرٍ صَلٰوةً تُنْذِرُنَا بِهَا مِنْ

اور اس کے رسول کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما منذر نبی پر کہ ڈرائے ہمیں بطفیل اس کے

خشیتك بانذار انما تنذر من اتبع الذکر وخشی الرحمن بالغیب
اپنی خشیت سے ساتھ اس انذار کے "تم صرف اسے ڈراتے ہو جو ذکر و قران کی اتباع کرے اور رحمٰن سے خوف کھاتے حالت غیب میں
اللھم صل وسلم علی نور صلوۃ تنورنا بها بنور منتھی العارفین
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما نور مجسم پر کہ نورانی بنادے ہمیں بطفیل اس کے ساتھ نور کے جو منتہاء ہے اہل عرفان کا
الی مرکز جلال نور المبین اللہ نور السموت والارض ط اللھم صل
طرف نور مبین کے مرکز جلال کے " اللہ نور ہے آسمانوں اور زمین کا۔ اے اللہ صلواۃ
وسلم علی سراج صلوۃ تبھجنا بها بھجۃ قمر حقائق صمدانیتك
وسلام نازل فرما سراج منیر پر کہ رونق و نورانیت بخشے بطفیل اس کے اپنے صمدانی حقائق کے ماہتاب والی رونق و نورانیت
تبارك الذی جعل فی السماء بروجا وجعل فیها سراجا وقمرا
بابرکت ہے وہ ذات جس نے بنائے آسمان میں برج اور بنائے ان میں چراغ (آفتاب) اور نورانی
منیرا ط اللھم صل وسلم علی مصباح صلوۃ تصبحنا بها
چاند۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مصباح پر کہ روشن فرمائے ہمیں بطفیل اس صلواۃ کے ساتھ
بفصاحۃ صراحۃ صباحۃ مثل نورہ کمشکوۃ فیها مصباح ط
اس واضح اور صریح نورانیت و صباحت کے "کیفیت اس کے نور کی مانند کیفیت اس چراغ کے ہے جو طاق میں ہو
المصباح فی زجاجۃ ط اللھم صل وسلم علی ھدی صلوۃ تھدینا
اور وہ چراغ شیشہ میں ہو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مجسم ہدایت پر کہ ہدایت دے ہمیں مخلوق میں سے
بها من الخلق الی الحق وقالوا الحمد للہ الذی ھدنا لھذا وما
بطفیل اس کے حق تعالیٰ کی طرف" اور کہا انہوں نے سب ثناء اللہ کے لیے جس نے ہمیں اس امر کی ہدایت دی اور ہم ذاتی طور پر
کنا لنھتدی لولا ان ھدنا اللہ اللھم صل وسلم علی مھدی صلوۃ
ہدایت پانے کے لائق نہیں تھے اگر اللہ کی ہدایت نہ ہوتی۔" اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مہدی نبی پر کہ ہدایت دے
تھدینا بها طریق محبتك وقرب وصل اصلك بصراط اھدنا
ہمیں بطفیل اس کے اپنی محبت اور قرب و وصل اصل کے راستہ کی ساتھ اس راہ کے

الصراط المستقیم اللھم صل وسلم علی منیر صلوۃ تنورنا بها
چلا ہمیں راہ راست پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما منیر نبی پر کہ منور فرمائے ہمیں بطفیل
بلوامع بوارق شوارق نور ذاتك ومن الناس من یجادل فی
اس کے اپنے نور ذات کے اسرافات اور تجلیات اور انوار کے ساتھ" اور بعض لوگ ہیں جو جھگڑتے ہیں
اللہ بغیر علم ولا ھدی ولا کتاب منیر ط اللھم صل وسلم علی
اللہ تعالیٰ میں بغیر علم اور رشد و ہدایت کے اور روشن کتاب کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما داعی نبی پر
داع صلوۃ تدعونا بها الی توحید بقاء شھود وصلك وذروۃ لقاء
کہ بلائے ہمیں بطفیل اس کے طرف اپنی توحید و بقا اور شہود و وصل کے اور اپنے وجود اصلی کی لقاء والے
وجود اصلك ومن یدع مع اللہ الھا اخر لا برھان لہ بہ فانما
بلند تر مقام کے" اور جو عبادت کرے اللہ کے ساتھ دوسرے الٰہ کی نہیں دلیل اس کے لیے اس پر تو حساب اس کا
حسابہ عند ربہ ط اللھم صل وسلم علی مدعو صلوۃ تدعونا بها
صرف اس کے رب تعالیٰ کے ہاں ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما بلائے ہوئے نبی پر کہ بلائے ہمیں بطفیل اس صلواۃ
بدعوۃ الخلق الی الحق وھو الحق حق وقل ادعوا اللہ او ادعوا الرحمن ط
کے واسطے دعوت خلق الی الحق کے اور وہی حق حقیقی ہے" اور فرما دیجئے پکارو اللہ کو یا رحمٰن کو۔
اللھم صل وسلم علی مجیب صلوۃ تجیبنا بها دعاءنا حین نناجیك
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مجیب نبی پر کہ بطفیل اس صلواۃ کے قبول فرمائے ہماری دعائیں جبکہ ہم تجھ سے
راغبا وافیا بوفاء عھدك اجیب دعوۃ الداع اذا دعان اللھم صل
مناجات کریں از روئے رغبت کے اور وفاء عہد کرتے ہوئے "میں قبول کرتا ہوں دعا کرنے والوں کی دعا کو جبکہ وہ مجھ سے سوال کرے۔
وسلم علی مجاب صلوۃ تجیبنا بها سوالنا حین نسئلك راجیا خائفا
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما مقبول الدعاء نبی پر کہ بطفیل اس کے قبول کرے ہمارے سوال کو جبکہ ہم سوال کریں امید رکھتے ہوئے
کافیا باجابۃ دعوۃ ادعونی استجب لکم اللھم صل وسلم علی
خوف کھاتے اکتفاء کرتے ساتھ قبولیت دعا کے" مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا"۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

حفیّ صلوة تحفی بها والطفنا بخفیّ خفیّ لطفك الخفیّ الخفیّ

شفیق نبی پر کہ شفقت فرمائے بطفیل اس کے اور لطف وکرم فرما ہم پر ساتھ اپنے خفی تریں لطف خفی کے

الخفیّ وباکرام سأستغفر لك ربی انه کان بی حفیا ؕ اللّٰهم صلّ و

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ عَرْشِكَ اِلٰى يَوْمِ الْعَرْضِ وَ
آپ کی آل پر جو صلواۃ دائم ہو تیرے عرش کے دوام کے ساتھ روز

بَاقِيَةً بِبَقَآءِ كُرْسِيِّكَ الَّذِىْ وَسِعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
قیامت تک اور باقی ہو ساتھ تیری کرسی کی بقاء کے جو آسمانوں اور زمین کو محیط ہے ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ رُتَبِ
و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ دائم ہے مراتب

الْكَمَالِ وَالْمَعَالِىْ وَبَاقِيَةً بِبَقَآءِ حُجُبِ الْجَلَالِ وَالْجَمَالِ اَللّٰهُمَّ
کمال اور بلندیوں کے دوام کے ساتھ اور باقی ہو حجابہائے جلال و جمال کی بقاء کے ساتھ ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً
صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل اطہار پر جو صلواۃ دائم ہو

بِدَوَامِ الْخُلُوْدِ وَبَاقِيَةً بِبَقَآءِ الْمَلِكِ الْمَعْبُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
دوام خلود کے ساتھ اور باقی ہو شہنشاہ معبود کی بقاء کے ساتھ ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ كَلِمَاتِ
سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ دائم ہو ساتھ دوام کلمات

اللّٰهِ وَبَاقِيَةً بِبَقَآءِ ذَاتِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اللہ کے اور باقی ہو ساتھ بقاء ذاتِ اللہ ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَدْفَعُ بِهَا عَنَّا كُلَّ هَمٍّ وَّفَاقَةٍ وَّلَا
اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل دور فرمائے ہم سے ہر پریشانی اور فاقہ کو اور نہ

تُحَمِّلْنَا مَا لَيْسَ لَنَا بِهٖ طَاقَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
ڈال ہم پر وہ بوجھ جس کی ہم میں طاقت نہیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدْخِلُنَا بِهَا مُدْخَلًا كَرِيْمًا
محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل داخل فرمائے ہمیں بزرگ مقام میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

صَلٰوةً تَجْتَبِىْ بِهَا حُسْنَ الْعُقْبٰى وَلَا تُحْدِثُ لَنَا فِىْ دُنْيَانَا حِرْصًا
کہ جس صلواۃ کے طفیل ہمیں منتخب فرمائے حسن انجام کے ساتھ اور نہ پیدا فرمائے ہم میں دنیوی حرص

وَّلَا تَعَبًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
و آز اور اس کی تگ و تاز ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعَظِّمُ لَنَا بِهَا لَدَيْكَ وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا
پر جس صلواۃ کے طفیل عطا کرے ہمیں عظمت اپنے ہاں اور نہ ڈالے ہم پر کوئی بار گراں ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

صَلٰوةً تَنْزِعُ عَنَّا بِهَا الْهَوَسَ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا حُبَّ الدُّنْيَا وَهَوَآءَ
جس صلواۃ کے طفیل تو سلب کرے ہم سے ہوس اور نہ مسلط فرمائے ہم پر حب دنیا اور ہوائے

النَّفسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
نفس ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحْضِرُنَا بِهَا قُدْسَكَ وَنَرْجُوْ بِهَا نَيْلَ ثَوَابِكَ اَللّٰهُمَّ
جس صلواۃ کے طفیل ہمیں شرف حضور بخشے اپنی بارگاہ قدس میں اور امید کر سکیں تیرے ثواب کے حصول کی ۔ اے
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً نَسْتَوْجِبُ
اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل مستحق ہو جائیں ہم
بِهَا رِضَاكَ وَلَا تُحْوِجُنَا اِلٰٓى اَحَدٍ سِوَاكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
تیری رضا کے اور نہ محتاج کرے تو ہمیں ماسوا کا ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوَافِقُ مُرَادَكَ وَلَا
سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ موافق ہو تیری مراد کے اور نہ
تَجْعَلُنَا مِنْ اَهْلِ الشَّقَاوَةِ فِيْ عِبَادِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
بنائے ہمیں بدبخت لوگوں سے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَقَبَّلُهَا مِنَّا يَا رَبَّ
سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کو قبول فرمائے ہم سے اے رب
الْعٰلَمِيْنَ وَلَا تَرُدُّنَا عَنْ نَّوَالِكَ خَآئِبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
العالمین اور نہ لوٹائے ہمیں اپنی عطاؤں سے بے نیل مرام ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعَافِيْنَا بِهَا
فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں عطا فرمائے
الْمُعَافَاةَ الدَّآئِمَةَ وَتُمِيْتُنَا عَلٰى حُسْنِ الْخَاتِمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
دائمی عافیت اور ہماری وفات ہو حسن خاتمہ کے ساتھ ۔ اے اللہ صلواۃ و
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً لَّا غَايَةَ
سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کی کوئی انتہا نہ ہو

لَهَا وَلَا انْقِضَآءَ وَصَلٰوةً لَّا نِهَايَةَ لَهَا دُوْنَ الْعَفْوِ وَالرِّضٰى
اور نہ اختتام اور جس صلواۃ کا منتہیٰ فسوف تیری عفو اور رضاء مندی ہو
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر
صَلٰوةً تَخْرِقُ اَنْوَارُهَا الْحُجُبَ وَالْاَسْتَارَ وَيَسْتَوْجِبُ بِهَا
جس صلواۃ کے انوار حجابات اور حائل پردوں کو ہٹا دیں اور اس کے طفیل اس کا پڑھنے والا
قَآئِلُهَا مَغْفِرَةَ الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
عزیز غفار کی مغفرت کا حقدار ہو جائے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُ بِهَا قَآئِلَهَا
سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل اس کے پڑھنے والے کو پناہ مہیا
مِنَ الْاَهْوَالِ وَتَدْفَعُ بِهَا عَنْ قَآئِلِهَا كُلَّ مِحْنَةٍ وَّبَلْوَا اَللّٰهُمَّ
کرے تمام ہولناکیوں سے اور دور کرے اس سے ہر محنت اور آزمائش ۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُشَرِّفُ
صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل شرف بخشے
بِهَا قَآئِلَهَا فِي الْقِيٰمَةِ وَتُوْجِبُ لِقَآئِلِهَا الْحُظْوَةَ وَالْكَرَامَةَ
اس کے پڑھنے والے کو قیامت میں اور واجب کرے اس کے قائل کے لیے عظیم حصہ اور بزرگی
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر
صَلٰوةً تَرْفَعُ بِهَا قَآئِلَهَا اِلٰٓى اَعْلٰى عِلِّيِّيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
جس صلواۃ کے طفیل اس کے قائل اعلیٰ علیین تک رفعت بخشے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً يَعْلُوْ بِهَا قَآئِلُهَا اِلٰى
سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل بلند ہو اس کا قائل

جَوَارِ اَهْلِ الْعِنَايَةِ مِنَ الْاَبْرَارِ وَالْمُقَرَّبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
اہل عنایت ابرار و مقربین کے قرب و رفاقت تک ۔ اے اللہ صلواۃ و
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْصِلُ بِهَا
سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی اطہار پر جس کے طفیل واصل فرمائے
قَآئِلَهَا اِلٰى دَرَجَاتِ الْعُلٰى وَصَلٰوةً يُّحْمَدُ بِهَا قَآئِلُهَا فِى الْمَلَاِ
اس کے قائل کو اعلیٰ درجات تک اورجس کے طفیل ثناء کی جانے اس کے قائل کی
الْاَعْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
جماعت ملائکہ میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً يُعَزُّ بِهَا قَآئِلُهَا فِى الْوُجُوْدِ وَيَرِدُ بِهَا قَآئِلُهَا مَشَارِبَ
پر جس کے طفیل عزت دی جائے اس کے قائل کو دنیوی قیام میں اور وارد ہو وہ
الْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
حوض مورود کے شعبوں پر ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً يَّجِدُ بِهَا قَآئِلُهَا ذَخِيْرَةً عِنْدَ مَمَاتِهٖ وَ
کی آل اطہار پر جس کے طفیل میسّر ہو پڑھنے والے کو ذخیرۂ حسنات موت کے وقت اور
تَكُوْنُ لِقَآئِلِهَا حُجَّةً لِّسُؤَالِ الْمَلَكَيْنِ فِىْ ظُلُمَاتِ الْقَبْرِ وَ
نصیب ہو اسے توفیق جواب کی منکر و نکیر کے سوال کے وقت قبر کی تاریکیوں اور
غَمَرَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
شدتوں میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً يَّنْجُوْ بِهَا قَآئِلُهَا مِنَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ وَهُوْلَاتِهٖ
پر جس کے طفیل نجات حاصل ہو قائل کو بہت بڑی گھبراہٹ (قیامت) سے اور اس کی
وَتُثَقَّلُ بِهَا لِقَآئِلِهَا مَوَازِيْنُ صَحَآئِفِ اَعْمَالِ حَسَنَاتِهٖ
ہولناکیوں سے اور بھاری فرمائے اس کے طفیل اس کے صحائف اعمال والے میزان حسنات کو

وَتُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ طَبَقَاتِ الْجَحِيْمِ وَدَرَكَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ
اور بچائے ہمیں بطفیل اس کے جہنّم اور اس کے طبقات سے ۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل
تُنْقِذُ بِهَا قَآئِلَهَا مِنْ اَهْوَالِ الصِّرَاطِ وَمَخُوْفَاتِهٖ وَتُوْصِلُ بِهَا
بچائے اس کے قائل کو پل صراط کی ہولناکیوں اور دہشتوں سے اور واصل فرمائے
قَآئِلَهَا اِلٰى دَرَجَاتِ الْجِنَانِ وَرَوْضَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اسے جنات کے درجات اور سبزہ زاروں تک ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبَشِّرُ بِهَا قَآئِلَهَا
فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل بشارت دے اس کے پڑھنے والے
بِالنَّظَرِ فِىْ وَجْهِ مُحَمَّدٍ عَلٰى قُبَابِ الْفِرْدَوْسِ وَعُلُوِّ مَقَامَاتِهٖ
کو دیدار مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم کی فردوس کے قبہ جات میں اور بلند تر مقامات میں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر
صَلٰوةً يَّجْنِىْ بِهَا قَآئِلُهَا ثَمَرَةَ حُبِّهٖ وَامْتِدَادِهٖ وَيَغْرِسُ بِهَا
جس صلواۃ کے طفیل چنے اس کا قائل محبّت کے ثمرات کو اور اس کی درازی کو اور لگائے بسبب اس صلواۃ
قَآئِلُهَا رَوْضَةَ فَلَاحِهٖ وَنَجَاحِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
کے وہ اپنی فلاح وکامیابی کے باغات ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً يَّجْنِىْ بِهَا قَآئِلُهَا
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل چنے اس کا قائل اپنے
ثَمَرَةَ الْاِيْمَانِ وَيُحْشَرُ بِهَا قَآئِلُهَا مَعَ اَبِىْ بَكْرٍؓ وَّعُمَرَؓ وَعَلِىٍّؓ
ایمان کا پھل اور اس کا حشر ہو حضرات ابوبکر و عمر اور عثمان و علی رضی اللہ عنہم

وَّعُثْمَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً يَّسْلَمُ بِهَا قَآئِلُهَا مِنْ غَوَآئِلِ الْبِدَعِ وَتَقْطَعُ بِهَا عَنْ

پر جس کے طفیل سلامت رہے اس کا قائل بدعات کی ہلاکتوں سے اور کاٹ دے تو اس سے

قَآئِلِهَا عَلَآئِقَ الطَّمَعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

طمع و لالچ کے سارے اسباب۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْفَعُ بِهَا لِقَآئِلِهَا ذِكْرَهٗ وَ

آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل بلند کرے اس کے قائل کا ذکر اور

مَاٰثِرَهٗ وَتُؤْمِنُ بِهَا قَآئِلَهَا مِنْ مَّصَآئِبِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

آثار اور بے خوف کردے اسے دُنیا و آخرت کے مصائب سے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

صَلٰوةً تَكُوْنُ لِقَآئِلِهَا لَدَيْكَ ذُخْرًا وَّصَلٰوةً تَكُوْنُ لِقَآئِلِهَا مِنْ

جو صلواۃ ذخیرہ ہو تیرے ہاں پڑھنے والے کے لیے اور ہو مضبوط سہارا

اَوْثَقِ الْعُرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اس کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُلْبِسُ بِهَا قَآئِلَهَا مَهَابَةً لَّيْسَ بَعْدَهَا

آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل اس کے قائل کو خلعت پہنائے ایسی ہیبت کی کہ نہ ہو اس کے بعد

كَآبَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

کسی طرح کی غمگینی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُكْرِمُ بِهَا قَآئِلَهَا كَرَامَةً لَّيْسَ بَعْدَهَا نَدَامَةٌ وَّتُشَفِّعُ

پر جس صلواۃ کے طفیل اس کے قائل کو ایسی کرامت سے نوازے کہ نہ ہو اس کے بعد ندامت۔ اور شفاعت فرمائے

لِقَآئِلِهَا شَفَاعَةً لَّيْسَ بَعْدَهَا تَبَاعَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اس کے لیے کہ نہ ہو اس کے بعد ہلاکت۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْنُ بِهَا قَآئِلَهَا

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ اعانت فرمائے اس کے طفیل قائل کی ایسی کہ نہ

اِعَانَةً لَّمْ يَرَ بَعْدَهَا اِهَانَةً وَّتُبَلِّغُ بِهَا قَآئِلَهَا مُرَادَهٗ وَتُثَبِّتُ لَهٗ

دیکھے بعد اس کے تذلیل اور پہنچائے اسے مراد تک اور مطمئن رکھے

بِهَا فُؤَادَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

بطفیل اس کے اس کا دل۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْنَحُ بِهَا قَآئِلَهَا الْفَوْزَ غَدًا وَتَرْحَمُ بِهَا قَآئِلَهَا

پر جس کے طفیل عطا کرے اس کے قائل کو کامیابی قیامت کے دن اور رحم فرمائے اس پر

رَحْمَةً لَّا شَقَآءَ بَعْدَهَا اَبَدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جس کے بعد کبھی اس پر کوئی مشقت نہ ہو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَهْدِيْ بِهَا قَآئِلَهَا السُّبُلَ الْهِدَايَةِ

اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل اس کے قائل کی رہنمائی فرمائے راہہائے ہدایت میں

وَتُعِيْذُ بِهَا قَآئِلَهَا مِنَ الضَّلَالَةِ وَالْغَوَايَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور بچائے اسے گمراہی اور بے راہ روی سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْفَعُ بِهَا لِقَآئِلِهَا مَقَامَهٗ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل قائل کا مرتبہ و مقام بلند فرمادے

وَتُثَبِّتُ بِهَا لِقَآئِلِهَا عَلَى الصِّرَاطِ اَقْدَامَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور ثابت رکھے پل صراط پر اس کے اقدام۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً عَالِيَةَ الْمِقْدَارِ

فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر ایسی عالی قدر صلواۃ کہ

تُنْجِیْ بِهَا قَآئِلَهَا مِنْ شَرِّ مَا یَأْتِیْ بِهِ اللَّیْلُ وَالنَّهَارُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

نجات دے بطفیل اس کے قائل کو لیل و نہار کے لائے ہوئے شر سے۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْفَعُ بِهَا

سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل بلند فرمائے

لِقَآئِلِهَا شَانَهٗ وَتُثَقِّلُ بِهَا لِقَآئِلِهَا مِیْزَانَهٗ وَتَجْلِیْ بِهَا عَنْ

اس کے قائل کی شان اور بھاری کرے اس کا میزان حسنات اور دور کرے اس سے

قَآئِلِهَا الصَّدَا وَتَرْزُقُهٗ بِهَا عَیْشًا وَّاسِعًا رَغَدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

زنگ اور نصیب فرمائے اسے خوشگوار اور وسعت والی گزران۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل تو ہمارا

لَنَا بِهَا عِنْدَ كُلِّ هَمٍّ وَّضِیْقٍ یَاۤ اِلٰهِیْ وَاِلٰهَ كُلِّ شَیْءٍ اَللّٰهُمَّ

ہو جایا کرے بوقت ہر اندوہ اور تنگی کے اے میرے الہٰ اور ہر چیز کے الہٰ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے

تَكُوْنُ لَنَا بِهَا فِی الْمُقَامِ وَالرَّحِیْلِ یَاۤ اِلٰهِیْ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِیْمَ وَ

طفیل تو ہمارا ہو جائے ہر قیام اور کوچ میں اے میرے الہٰ اور ابراہیم و

اِسْمٰعِیْلَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا

اسماعیل کے الہٰ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُهَوِّنُ بِهَا عَلَیْنَا سَكَرَاتِ الْمَوْتِ یَا سَامِعَ كُلِّ صَوْتٍ

پر جس کے طفیل آسان فرمائے ہم پر موت کی شدتوں کو اے سننے والے ہر آواز کے

وَیَا سَابِقَ كُلِّ فَوْتٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اور سبقت لے جانے والے ہر قسم کے حرمان سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِیْنَا بِهَا مِنَ الْعَذَابِ الْاَلِیْمِ یَا مُحْیِیَ

کی آل اطہار پر جس کے طفیل نجات دے ہمیں عذاب الیم سے۔ اے زندہ فرمانے والے

الْعِظَامِ وَهِیَ رَمِیْمٌ وَتُغَیِّبُنَا بِهَا عَنِ الْاَنَامِ یَا حَیُّ لَا تَنَامُ اَللّٰهُمَّ

گلی سڑی ہڈیوں کے اور غائب فرمادے ہمیں بطفیل اس کے تمام مخلوقات سے اے حی جو نہیں سوتا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل

تُنْجِیْنَا بِهَا مِنْ هَوْلِ كُلِّ وَعِیْدٍ یَا مُوْنِسَ كُلِّ وَحِیْدٍ اَللّٰهُمَّ

نجات دے ہمیں ہر وعید کی دہشت سے اے غمخوار ہر تنہا کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل

تُدِیْمُ لَنَا بِهَا النَّعْمَا یَاۤ اَكْرَمَ الْكُرَمَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

دائم رکھے ہمارے لیے نعمتوں کو اے سب عزت والوں سے مکرم ترین۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعْمِیْ بِهَا عَنَّاۤ اَعْیُنَ الْقَوْمِ

سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل اندھی کردے ہم سے ظالم لوگوں کی

الظّٰلِمِیْنَ یَا قَامِعَ الْجَبَّارِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آنکھیں اے روکنے والے جباروں کے (جبر کے) اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْفَعُ بِهَا عَنَّا كُلَّ بَلِیَّةٍ یَا عَالِمَ

اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل اٹھادے ہم پر سے ہر مصیبت کو اے جاننے والے

كُلِّ خَفِیَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا

ہر مخفی امر کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَصْرِفُ بِهَا عَنَّا الْاَسْقَامَ یَا عَلِیْمُ یَا عَلَّامُ اَللّٰهُمَّ

جس صلواۃ کے طفیل دور فرمادے ہم سے تمام بیماریوں کو اے علیم۔ اے علّام۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل

تَمْحُوْ بِهَا عَنَّا الصَّغَآئِرَ وَالْكَبَآئِرَ يَا مُطَّلِعُ عَلَى السَّرَآئِرِ اَللّٰهُمَّ

ہم سے محو کردے صغائر و کبائر کو اے جاننے والے قلبی اسرار کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُصَحِّحُ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل درست

لَنَا بِهَا الْيَقِيْنَ يَآ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

و مستحکم فرمادے ہمارے یقین کو اے سب عزت والوں سے زیادہ عزت والے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُجْبِرُ بِهَا قَلْبِيْ وَتَغْفِرُ بِهَا

سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل میرے دل کی شکستگی دور فرمائے اور بخش دے

ذُنُوْبَ اُمِّيْ وَاَبِيْ يَا رَبِّيْ وَيَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

میرے والدین کے گناہ اے میرے رب اور ہر شئ کے رب۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَصْعَدُ بِكَ

فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بلند ہو تیری توفیق سے

مِنْكَ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

تجھ سے تیری طرف۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً يَّعْرِفُهَآ اَهْلُ الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اَنَّهَا خَالِصَةٌ

آل اطہار پر جس صلواۃ کو پہچانیں ملاء اعلیٰ کہ وہ واقعی خلوص والی ہے تیرے

لَّدَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

نزدیک۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُبَلِّغُهَا الْقَلَمَ الْمُحِيْطَ بِالْكُلِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

پر جس کو پہنچائے اس قلم تک جو سب کو محیط ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُحَدِّدُ بِكُلِّيَّةِ ذٰلِكَ

سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ حد بندی کر دے کل کی

الْكُلِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

کلیت کی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَلِيْقُ بِكَ مِنْكَ اِلَيْهِ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پر جو صلواۃ کہ لائق ہو تیری توفیق تیری طرف سے ان کیلئے جیسے کہ وہ اہل ہیں اس کے۔ اے اللہ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَهْلِ الثَّنَآءِ

صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو لائق ثناء ہیں

وَمَحَلِّهٖ وَاجْزِهٖ عَنَّا يَا رَبِّ مَا هُوَ اَهْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور اس کا صحیح محل اور انہیں جزا دے ہماری طرف سے اے ہمارے رب تعالیٰ جس جزاء کے وہ حقدار ہیں۔ اے اللہ صلواۃ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً جَامِعَةً لِّمَعَانِي

وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ جامع ہو احسان

الْاِحْسَانِ وَالْاِنْعَامِ وَصَلٰوۃً دَآئِمَةً بِدَوَامِ ذِي الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

و انعام کے تمام معانی کو اور دائم ہو ذوالجلال والاکرام کے دوام کے ساتھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر

صَلٰوۃً تُعَرِّفُنَا بِهَآ اِيَّاهُ وَتُبَلِّغُنَا بِهَآ اِلٰی حُسْنِ مُلْقَاهُ وَرُؤْيَاهُ

جس کے طفیل ہماری انہیں پہچان کروادے اور بطفیل اس کے ہمیں پہنچائے ان کی حسین ملاقات اور دیدار تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر

صَلٰوۃً تَرْفَعُ بِهَا دَرَجَتِيْ وَتَمْحُوْ بِهَا سَيِّاٰتِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جس کے طفیل میرا درجہ بلند فرمائے اور محو فرمائے میرے گناہ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً لَّا تُسَلِّطُ بِهَا عَلَيَّ

نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل نہ مسلط فرمائے مجھ پر

مَنْ لَّا يَرْحَمُنِيْ وَتُفَرِّقُ بِهَا بَيْنِيْ وَبَيْنَ ذُنُوْبِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو مجھ پر رحم نہ کرے اور تفرقہ ڈالے بطفیل اس کے میرے درمیان اور میرے گناہوں کے درمیان ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَفُكُّ بِهَا عَنِّيْ

نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور سیّدنا محمدؐ کی آل پر جس کے طفیل دور کردے مجھ سے

كُلَّ عِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

ہر بیماری کو ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَفْتَحُ بِهَا لِيْ وَلِاَهْلِيْ كُلَّ بَابٍ مِّنَ الْخَيْرِ وَتُلَيِّنُ

پر کہ کھول دے بسبب اس کے میرے اور میرے اہل کے لیے خیر کا ہر دروازہ اور ملائم کردے

بِهَا كُلَّ عَسِيْرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

ہر سخت کو ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُخْرِسُ بِهَا عَنِّيْ كُلَّ لِسَانٍ نَاطِقٍ وَتَمْنَعُ

آل پر جس کے طفیل گنگ کردے مجھ سے ہر ناطق کی زبان کو اور روک دے

بِهَا عَنِّيْ كُلَّ ظَالِمٍ وَّحَاسِدٍ وَتَكْفِيْنِيْ بِهَا عَنْ شَرِّ كُلِّ غَاسِقٍ

بطفیل اس کے مجھ سے ہر ظالم و حاسد کو اور روک دے بطفیل اس کے ہر تاریکی والے کے شر کو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر

صَلٰوةً لَا تُحَاوِلُ بِهَا تَفْرِيْقًا بَيْنِيْ وَبَيْنَ طَاعَتِكَ وَلَا تُشَطِّنِيْ

جس صلواۃ کی برکت سے نہ ارادہ فرمائے تفریق کا درمیان میرے اور درمیان اپنی طاعت کے اور نہ دور کرے

بِهَا عَنْ عِبَادَتِكَ وَرَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

مجھے اپنی عبادت اور رحمت سے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْجِبُ بِهَا لِيْ رِضْوَانَكَ

محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل لازم فرمادے میرے لیے اپنی رضامندی

وَتَرْزُقُنِيْ بِهَا جِنَانَكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور عطا فرمائے مجھے اپنی جنتیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَوَفَّنِيْ بِهَا مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِهَا

اور آپ کی آل اطہار پر کہ جس کی برکت سے مجھے حالت اسلام پر وفات دے اور صالحین کے

بِالصّٰلِحِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ صُدُوْرَنَا وَيَسِّرْ

ساتھ لاحق فرمادے ۔ اے اللہ ان کی صلواۃ کی برکت سے کھول دے ہمارے سینے کو اور آسان فرمادے

بِهَآ اُمُوْرَنَا وَفَرِّجْ بِهَا هُمُوْمَنَا وَاكْشِفْ بِهَا غُمُوْمَنَا وَاغْفِرْ

ہمارے تمام امور کو اور دور فرمادے ہم سے اندوہ وغم اور دور فرمادے ہماری پریشانیاں اور بخش دے

بِهَا ذُنُوْبَنَا وَاقْضِ بِهَا دُيُوْنَنَا وَاَصْلِحْ بِهَآ اَحْوَالَنَا وَبَلِّغْ

ہمارے گناہ اور ادا فرمائے ہمارے قرضے اور درست فرمائے ہمارے احوال اور پہنچائے

بِهَآ اٰمَالَنَا وَتَقَبَّلْ بِهَا تَوْبَتَنَا وَاغْسِلْ بِهَا حَوْبَتَنَا وَ

ہمیں ہماری تمناؤں تک اور ہماری توبہ قبول فرمائے اور ہمارے گناہ دھو ڈالے اور

انْصُرْ بِهَا حُجَّتَنَا وَطَهِّرْ بِهَآ اَلْسِنَتَنَا وَاٰنِسْ بِهَا وَحْشَتَنَا وَ

نصرت دے ہماری حجت و برہان کو اور پاک فرمائے ہماری زبانوں کو اور انس مہیا فرمائے ہماری وحشتوں کو

ارْحَمْ بِهَا غُرْبَتَنَا وَاجْعَلْهَا نُوْرًا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمِنْ خَلْفِنَا وَ

اور رحم فرمائے ہماری غربت پر اور اسے بنائے نور کا موجب ہمارے آگے اور پیچھے اور

عَنْ اَيْمَانِنَا وَعَنْ شَمَآئِلِنَا وَمِنْ فَوْقِنَا وَمِنْ تَحْتِنَا وَفِيْ

دائیں اور بائیں اور اوپر و نیچے اور ہماری زندگی

حَيَاتِنَا وَمَمَاتِنَا وَفِيْ قُبُوْرِنَا وَحَشْرِنَا وَنَشْرِنَا وَظِلًّا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ

اور ہماری موت میں ۔ اور ہماری قبور میں اور دوران حشر و نشر اور موجب سایہ کا ہمارے

عَلٰی رُءُوْسِنَا وَ ثَقِّلْ بِهَا مَوَازِیْنَ حَسَنَاتِنَا وَ اَدِمْ بَرَكَاتِهَا
سروں پر قیامت کے دن اور بھاری فرمائے بطفیل اس کے ہماری نیکیوں کے پلڑے کو اور دائمی بنا اس کی برکات
عَلَیْنَا حَتّٰی نَلْقٰی نَبِیَّنَا وَ سَیِّدَنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
کو ہم پر حتّٰی کہ ہم ملاقات کریں سیدنا و نبینا محمّد صلی اللہ علیہ وسلم کی درآنحالیکہ
وَ نَحْنُ اٰمِنُوْنَ مُطْمَئِنُّوْنَ فَرِحُوْنَ مُسْتَبْشِرُوْنَ وَ اَنْ تُصَلِّیَ
ہم امن و اطمینان میں ہوں اور فرحاں و شاداں ہوں اور تو صلواۃ بھیجے
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكْحَلُ بِهَا
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل سرمگین کرے
بَصِیْرَتِیْ بِالنُّوْرِ الْمَرْشُوْشِ فِی الْاَزَلِ لِاُشْهِدَ فَنَآءَ مَا لَمْ یَكُنْ
ہماری بصیرت کو ساتھ اس نور کے جس کے چھینٹے ازل میں حقائق اشیاء پر ڈالے گئے تاکہ میں مشاہدہ کر لوں معدومات کی فناء
وَ بَقَآءَ مَا لَمْ یَزَلْ وَ رَآءَ الْاَشْیَآءِ كَمَا هِیَ فِیْ اَصْلِهَا مَعْدُوْمَةً
کا اور موجودات ازل کی بقاء کا اور دیکھ لوں تمام اشیاء کو ان کی اصلی حالت میں یعنی عدم
مَّفْقُوْدَةً وَّ كَوْنُهَا لَمْ تَشُمَّ رَآئِحَةَ الْوُجُوْدِ فَضْلًا عَنْ كَوْنِهَا
وفناء میں اور وجود کی خوشبو سونگھنے سے بھی پہلی حالت میں چہ جائیکہ موجود ہونے کی
مَوْجُوْدَةً وَّ اَخْرِجْنِی اللّٰهُمَّ بِالصَّلٰوةِ عَلَیْهِ مِنْ ظُلَمِ اَنَانِیَّتِیْ اِلَی
حالت میں اور نکال مجھے اے اللہ ان پر صلواۃ کی برکت سے انانیت کی ظلمتوں سے
النُّوْرِ وَ مِنْ قَبْرِ جُثْمَانِیَّتِیْ اِلٰی جَمْعِ الْحَشْرِ وَ فَرْقِ النُّشُوْرِ وَ اَفِضْ
نور کی طرف اور میرے جسم کی قبر سے جمعیت والے حشر اور تفرقہ والے نشور کی طرف اور جاری فرما
عَلَیَّ مِنْ سَمَآءِ تَوْحِیْدِكَ اِیَّاكَ مَا تُطَهِّرُنِیْ بِهٖ مِنْ رِّجْسِ
مجھ پر اپنی توحید و تفرید کے آسمان سے وہ بارش کہ پاک فرماوے اس کے ساتھ مجھے شرک کی
الْاِشْرَاكِ وَ انْعَشْنِیْ بِالْمَوْتَةِ الْاُوْلٰی لِوِلَادَةِ الثَّانِیَةِ وَ
پلیدی سے اور مجھے پہلی (اختیاری) موت کے ذریعے دوسری ولادت کے لیے اٹھا اور

اَحْیِنِیْ بِالْحَیٰوةِ الْبَاقِیَاتِ فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا الْفَانِیَةِ وَ اجْعَلْ
مجھے زندہ فرما حیات دائمہ کے ساتھ اس دنیائے فانی میں اور عطا فرما
لِّیْ نُوْرًا اَمْشِیْ بِهٖ فِی النَّاسِ وَ اَرٰی بِهٖ وَجْهَكَ اَیْنَمَا تَوَلَّیْتُ
مجھے نور جس کے ساتھ میں لوگوں میں روشنی پھیلاتا پھروں اور دیکھ لوں اس کے ساتھ تیری ذات اقدس کو جہاں کہیں بھی ہوں
بِدُوْنِ اشْتِبَاهٍ وَّ لَا الْتِبَاسٍ نَاظِرًا بِعَیْنِ الْجَمْعِ وَ الْفَرْقِ فَاصِلًا
بغیر کسی اشتباہ و التباس کے درآنحالیکہ دیکھنے والا ہوں جمع و تفرقہ والی آنکھ سے اور فرق
بِحُكْمِ الْقَطْعِ بَیْنَ الْبَاطِلِ وَ الْحَقِّ دَالًّا بِكَ عَلَیْكَ وَ هَادِیًا
کرنے والا ہوں قطعی طور پر باطل اور حق کے درمیان، رہنمائی کرنے والا تیری توفیق سے تجھ پر اور ہدایت کرنیوالا
بِاِذْنِكَ اِلَیْكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
تیری توفیق سے طرف تیرے اے ارحم الراحمین ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَتَقَبَّلُ بِهَا دُعَآئِیْ
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل قبول فرمائے تو میری دعا کو
وَ تُحَقِّقُ بِهَا رَجَآئِیْ وَ عَلٰی اٰلِهٖ اَهْلِ الشُّهُوْدِ وَ الْعِرْفَانِ وَ
اور محقق فرمائے میری امید و رجاء کو۔ اور آپ کی اہل شہود و عرفان آل پر اور
اَصْحَابِهٖ اَصْحَابِ الذَّوْقِ وَ الْوِجْدَانِ مَا انْتَشَرَتْ طُرَّةُ
ارباب ذوق و وجدان اصحاب پر جب تک پھیلی رہیں شب تاریک
لَیْلِ الْكِیَانِ وَ اَسْفَرَتْ غُرَّةُ جَبِیْنِ الْعِیَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
کی سیاہ زلفیں اور روشن رہے مشاہدہ کی سفید پیشانی ۔ اے اللہ صلواۃ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَالَ فِی الْقُدُسِیِّ قَالَ اللهُ تَعَالٰی
نازل فرما سیّدنا محمّد پر جنہوں نے حدیث قدسی میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے
یَا ابْنَ اٰدَمَ اَعْطَیْتُ لَكَ الْاِیْمَانَ وَ الْمَعْرِفَةَ مِنْ غَیْرِ
اے ابن آدم میں نے تجھے عطا کیے ایمان اور معرفت بغیر تیرے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ والمنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل
ایزد منّان تحفۂ عجائب وہدیۂ غرائب الی اللہ
مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ
مسمّٰی بہ

مجموعۃ صلوات الرسول

الجزء الثامن عشر

فی قدرہ واقتدارہ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی
حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ محمد عبدالرحمٰن صاحب
ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

سُؤَالٍ وَّتَضَرُّعٍ فَكَيْفَ الْبُخْلُ عَلَيْكَ بِالْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ مَعَ
سوال اور زاری کے تو کس طرح بخیلی کروں گا تجھ پر ساتھ جنت و مغفرت کے باوجود
سُؤَالِكَ وَتَضَرُّعِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
تیری التجاء وزاری کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر
الَّذِيْ قَالَ فِي الْقُدُسِيِّ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا ابْنَ اٰدَمَ اِذَا اعْتَصَمَ
(اور آپ کی آل پر) جنہوں نے حدیث قدسی میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اے ابن آدم جب عصمت حاصل
بِيْ عَبْدِيْ هَدَيْتُهٗ وَاِذَا تَوَكَّلَ عَلَيَّ كَفَيْتُهٗ وَاِذَا تَوَكَّلَ عَلٰى
کرے میرا بندہ میرے ساتھ میں اس کو ہدایت دیتا ہوں اور جب مجھ پر توکل کرے کفایت کرتا ہوں اور جب میرے
غَيْرِيْ قَطَعْتُ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَنْهُ اَللّٰهُمَّ
ماسوا پر توکل کرے تو میں اس سے تمام آسمانوں اور زمینوں کے راستے منقطع کر دیتا ہوں۔ اے اللہ
اُرْزُقْنَا عَطَآءً وَّرِضَآءً وَّاَلْهِمْنَا الشُّكْرَ فِيْ حَالَةِ الْعَطَآءِ
ہمیں نصیب فرما اپنی عطا اور رضاء اور ہمیں اپنا شکر الہام فرما حالت عطاء
وَالرِّضَآءِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ مُجَاهَدَةَ الْمُحِبِّيْنَ وَوِرَاثَةَ
ورضاء میں۔ اے اللہ مجھے اہل محبّت کا مجاہدہ اور محبوبین والی
الْمَحْبُوْبِيْنَ وَوَصْلَ الْعَارِفِيْنَ
وراثت عطا فرما اور اہل عرفان و اہل وصول
الْمُتَوَاصِلِيْنَ الْمُوَحِّدِيْنَ
موحدین کا وصل عطا فرما
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ
فرما دیجئے وہ اللہ یکتا ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس نے کسی کو جنم دیا اور نہ
يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ
جنا گیا اور نہیں ہے اس کا کوئی مثیل و مشابہ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ بِاَفۡلَجِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ وَبِاَبۡلَجِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل بہت کشادگی والی" بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اور بہت روشنی و نورانیت والی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ وَبِاَنۡھَجِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اور بہت واضح راستہ والی" بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ○ۙ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ۙ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ○ؕ

تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں جو بہت رحم فرمانے والا مہربان ہے۔ مالک ہے یوم جزاء کا۔

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ○ؕ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ○ۙ

تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں۔ چلا ہمیں راہ راست پر۔

صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۙ۬ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَلَا

راہ ان کی جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا اور نہ

الضَّآلِّیۡنَ ○ؕ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِیۡ قَالَ فِی

گمراہوں کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے فرمایا

الۡقُدۡسِیِّ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی یَا ابۡنَ اٰدَمَ اَطِیۡعُوۡنِیۡ بِقَدۡرِ حَوَآئِجِکُمۡ

حدیث قدسی میں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اے ابن آدم میری اطاعت کرو مطابق اپنی محتاجیوں کے

اِلَیَّ وَاعۡصُوۡنِیۡ بِقَدۡرِ صَبۡرِکُمۡ عَلَی النَّارِ وَتَزَوَّدُوۡا لِلدُّنۡیَا

طرف میرے اور میری نافرمانبرداری کرو مطابق اپنے آتش دوزخ پر صبر کر سکنے کے اور دُنیا کے لیے

بِقَدۡرِ سُکُوۡنِکُمۡ فِیۡھَا وَتَزَوَّدُوۡا لِلۡاٰخِرَۃِ بِقَدۡرِ مَسۡکَنِکُمۡ فِیۡھَا

اُتنا ہی زاد راہ حاصل کرو جتنا قدر تمہاری اس میں سکونت ہوگی اور آخرت کے لیے زاد حاصل کرو جتنا قدر تمہاری

وَلَا تَنۡظُرُوۡۤا اِلٰۤی اٰجَالِکُمُ الۡمُسۡتَاۡخِرَۃِ وَاَرۡزَاقِکُمُ الۡحَاضِرَۃِ وَ

اس میں سکونت ہوگی اور نہ دیکھو اپنی موخر عمروں اور حاصل رزقوں اور

ذُنُوْبِكُمُ الْمَسْتُوْرَةِ وَكُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ وَلَوْ خِفْتُمْ

مستور گناہوں کی طرف ۔ اور ہر چیز ہلاکت پذیر ہے سوائے اس کی ذات اقدس کے اور اگر تم خوف کھاتے

مِّنَ النَّارِ كَمَا خِفْتُمْ مِّنَ الْفَقْرِ لَاَغْنَيْتُكُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا

آتش دوزخ سے جیسے خوف کھاتے ہو فقر سے تو میں تمہیں غنی کر دیتا جہاں سے تمہیں

تَحْتَسِبُوْنَ وَلَوْ رَغِبْتُمْ فِی الْجَنَّةِ كَمَا رَغِبْتُمْ فِی الدُّنْيَا

گمان بھی نہ ہوتا اور اگر تم راغب ہوتے جنّت کی طرف مانند دنیا کی رغبت کے

لَاَسْعَدْتُكُمْ فِی الدَّارَيْنِ وَلَا تُمِيْتُوْا قُلُوْبَكُمْ لِحُبِّ الدُّنْيَا مِنْ

تو میں تمہیں سعادت مند کر دیتا دونوں جہانوں میں ۔ اور نہ مارو تم اپنے دلوں کو دنیا کی محبت کی وجہ سے کیونکہ

زَوَالِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا

وہ زوال پذیر ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور سیّدنا محمّدؐ کی

مُحَمَّدٍ قَدْرَ وُسْعِ جُوْدِكَ وَاِحْسَانِكَ وَقَدْرَ سِعَتِ رَحَمُوْتِكَ

آل پر اپنے جود واحسان کی وسعت اور اپنی رحمت کاملہ کی وسعت کے مطابق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْرَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور سیّدنا محمّدؐ کی آل پر اپنے

مَقْدُوْرَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا

مقدورات کے مطابق ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ قَدْرَ فَضْلِكَ عَلٰى خَلْقِكَ وَقَدْرَ عَفْوِكَ بَعْدَ وُجُوْبِ حَقِّكَ

پر مطابق مخلوقات پر اپنے فضل کے اور مطابق اپنی عفو ودرگزر کے بعد لازم ہونے اپنے حق کے

وَقَدْرَ دَآئِرَةِ مَلَكُوْتِكَ وَقَدْرَ قَهْرَمَانِ جَبَرُوْتِكَ وَمَلَكُوْتِكَ

اور مطابق اپنے ملک عظیم کے دائرہ کے اور مطابق اپنے جبروت وملکوت کے قہر وسطوت کے

وَقَدْرَ عِظَمِ سُلْطَانِكَ وَكَرَمِ بُرْهَانِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور مطابق اپنے تسلط کی عظمت کے اور اپنے برہان کے کرم کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْرَ وُسْعِ جُوْدِكَ وَاِحْسَانِكَ وَقَدْرَ عَرْشِكَ وَتَلَوُّنِهٖ

سیّدنا محمّدؐ پر اپنے جود واحسان کی وسعت کے مطابق اور اپنے عرش اور اس کی نیرنگیوں کے مطابق

وَقَدْرَ كُرْسِيِّكَ وَتَكَوُّنِهٖ وَقَدْرَ فَضْلِ الْفَرْضِ وَقَدْرَ وُسْعِ كُرْسِيِّكَ

اور کرسی اور اس کے وجود مجسمہ کے مطابق اور فضیلت فرائض کے مطابق اور اپنی کرسی کی وسعت کے مطابق

الَّذِیْ وَسِعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو محیط ہے تمام آسمانوں اور زمینوں کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ قَدْرَ جَلَالِكَ الزَّاهِیْ وَقَدْرَ كَمَالِكَ الْبَاهِیْ وَقَدْرَ سِتْرِكَ

محمّدؐ پر مطابق اپنے روشن جلال کے اور قابل فخر کمال کے ۔ مطابق پائیدار ستر کے

الْبَاقِیْ وَقَدْرَ لُطْفِكَ الْوَافِیْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور کامل لطف و کرم کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر

قَدْرَ نَوَالِكَ الْوَافِیْ وَقَدْرَ عَطَآئِكَ الْكَافِیْ وَقَدْرَ اِحَاطَتِكَ

اپنے کامل جود کی مقدار اور کافی عطا کی مقدار اور مقدارات کے احاطہ

بِالْمَقْدُوْرَاتِ وَقَدْرَ عِلْمِكَ بِالْمَوْجُوْدَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کے مطابق اور موجودات کے علم کی مقدار ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْرَ حِلْمِكَ بَعْدَ عِلْمِكَ وَقَدْرَ نِعَمِكَ وَوَابِلِ

نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر مطابق اپنے حلم کے باوجود علم کے اور مطابق اپنی نعمتوں کے اور

كَرَمِكَ وَقَدْرَ قَدْرِكَ الْعَظِيْمِ وَقَدْرَ فَضْلِكَ الْعَمِيْمِ وَقَدْرَ

باران کرم کے اور مطابق اپنی عظیم قدر اور فضل عمیم کے اور مطابق

كَمَالِ صَلَوَاتِكَ عَلَيْهِ وَقَدْرَ جَمَالِ نَظَرِكَ اِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اپنی صلوات کاملہ کے ان پر اور مطابق اپنی جمیل نظر کے طرف ان کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْرَ حُبِّكَ اِيَّاهُ وَقَدْرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

وسلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آپ کی آل پر ان سے اپنی محبّت کے مطابق اور لا الٰہ اللہ کے مطابق

وقدر عزته عليك وقدر رغبته فيما لديك اللهم صل
اور ان کی تیرے ہاں عزت وقدر کے مطابق اور ان کی تیرے ہاں کی نعمتوں میں رغبت کے مطابق۔ اے اللہ صلوٰۃ
وسلم على سيدنا محمد قدر ارضك وسموتك وقدر
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اپنی زمین اور آسمانوں کی مقدار اور اپنی
قدرتك وارادتك وقدر سحآئب غفرانك وقدر
قدرت اور ارادہ کے مناسب اور اپنے غفران کے بادلوں اور رضا و
منآئح رضوانك اللهم صل وسلم على سيدنا محمد قدر
رضوان کے عطیات کے مطابق۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر مطابق
ذكرك بالثنا وقدر اسمآئك الحسنى وقدر احسانك
اپنے ذکر و ثناء کے اور مطابق اپنے اسماء حسنیٰ کے اور مطابق اپنے احسان کے
عليه وقدر بركاتك الواردة منك اليه اللهم صل و
اور برکات کے جو تجھ سے ان پر وارد ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سلم على سيدنا محمد قدر حلاوة ذكرك وقدر مزيد
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اپنے ذکر کی شیرینی کے مطابق اور مزید
شكرك وقدر ارجآء عرشك وقدر سرعة بطشك
شکر اور اپنے عرش کے اطراف اور سرعت بطش و مواخذہ کی مقدار
اللهم صل على سيدنا محمد قدر برهانك وقدر علو
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اپنے برہان اور علو
شانك وقدر مقدوراتك وقدر اقتدارك على ما خلقت
شان کے مطابق اور اپنے مقدورات مخلوقات پر اقتدار کے مطابق اور اپنی تقدیرات
وقدر علمك بما قدرت ورزقت اللهم صل على سيدنا
اور ارزاق کے علم کامل کے مطابق۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

محمد قدر قيامك على ما كونت ونهيت وامرت وقدر
محمد پر مطابق اپنی نگہداشت کے اپنی ایجادات پر اور اپنی نہی اور امر کے اور مطابق تیرے
احاطتك بما حفظت وسترت وقدر ادآئه لحقك وقدر
احاطہ کے حفاظت اور ستر و پردہ میں موجود اشیاء کے اور ان کی ادائیگی حق کے مطابق اور
احسانك لخلقك وقدر علو جلالته ومهابته وقدر
خلق پر اپنے احسان کے مطابق اور ان کے علو جلالت و ہیبت کی مقدار اور ان کے اپنے ہاں
خطوته لديك ومكانته اللهم صل على سيدنا محمد
مرتبہ و مقام کے مطابق۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر
قدر ثواب نبوته ورسالته وقدر عزته عليك ودلالته
ان کی نبوت و رسالت کے ثواب کے مطابق اور ان کی عزت و قدر اور رہنمائی کے مطابق اور
وقدر جاهه السامي وقدر عز جنابه الحامي وقدر خلوص
ان کی بلند قدر عزت ان کی حمایت والی بارگاہ عز و ناز کے مطابق اور ان کے خلوص
محبته وقدر سمو رفعته وقدر جزيل ثوابه وقدر حصول
محبت اور بلندئ رفعت کے مطابق اور ان کے عظیم ثواب اور مہیا اسباب ثواب
اسبابه اللهم صل على سيدنا محمد قدر رجآئه في الله
کے مطابق۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر مطابق ان کی امید کے اللہ تعالیٰ سے
وقدر حيآئه من الله وقدر ضيآء شريعته وقدر جميل
اور شرم و حیاء کے اس سے۔ اور ان کی شریعت کی ضیاء اور ان کی طریقت جمیلہ کے
طريقته وقدر كمال حقيقته وقدر عرفان معرفته و
مطابق اور ان کے کمال حقیقت اور عرفان و معرفت کی مقدار اور
قدر انفجار انواره وقدر ظهور اسراره اللهم صل على
ان کے انوار کے کمال ظہور اور اسرار کے انکشاف کے مطابق۔ اے اللہ صلوٰۃ کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْرَ ارْتِفَاعِ مَقَامِهٖ وَقَدْرَ نُفُوْذِ اَحْكَامِهٖ وَقَدْرَ

سیّدنا محمدؐ پر ان کی رفعتِ مقام کے مطابق اور نفوذ احکام ۔ علو

عُلُوِّ هِمَّتِهٖ وَقَدْرَ مُحَبَّتِهٖ لِاُمَّتِهٖ وَقَدْرَ شَرَفِهٖ فِى الدَّارَيْنِ وَ

ہمت اور امت سے محبّت کی مقدار اور دارین میں ان کے

قَدْرَ فَضْلِهٖ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَقَدْرَ عَقْلِهِ

فضل وشرف کی مقدار اور تمام انبیاء و مرسلین پر فضیلت کے مطابق اور ان کے

الرَّاجِحِ وَقَدْرَ عَمَلِهِ الصَّالِحِ وَرَأْيِهِ النَّاجِحِ وَقَدْرَ ذِكْرِهٖ

وزنی عقل اور عمل صالح اور کامیاب رائے کے مطابق اور اللہ تعالیٰ کے ذکر

لِلّٰهِ وَشَوْقِهٖ اِلَيْهِ وَقَدْرَ وُثُوْقِهٖ بِاللّٰهِ وَتَوَكُّلِهٖ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ

اور شوق اللہ پر وثوق اور توکل کے مطابق ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْرَ لُطْفِ اللّٰهِ بِهٖ وَقَدْرَ تَخْصِيْصِ

صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر ان پر اپنے لطف وکرم اور انہیں محبوبیت و

اللّٰهِ اِيَّاهُ بِحُبِّهٖ وَقُرْبِهٖ وَقَدْرَ قِيَامِهٖ بِالْعُبُوْدِيَّةِ وَقَدْرَ

تقرب کے ساتھ مخصوص فرمانے کی مقدار اور ان کے حق عبودیت کے قائم کرنے اور حقوق

اِعْتِنَآئِهٖ بِحُقُوْقِ الرُّبُوْبِيَّةِ وَقَدْرَ كَرَمِ اَخْلَاقِهٖ وَقَدْرَ طِيْبِ

ربوبیت کے اہتمام کی مقدار اور ان کے اخلاق کریمانہ اور ان کی رگوں کی پاکیزگی

اَعْرَاقِهٖ وَقَدْرَ شِيَمِهٖ الطَّاهِرَةِ وَقَدْرَ حِكَمِهٖ الظَّاهِرَةِ وَ

اور پاکیزہ خصلتوں اور ظاہر و غالب حکمتوں اور اور

قَدْرَ رُكُوْعِهٖ وَسُجُوْدِهٖ وَقَدْرَ خُشُوْعِهٖ وَخُضُوْعِهٖ اَللّٰهُمَّ

رکوع و سجود اور خشوع و خضوع کی مقدار ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْرَ يَقِيْنِهٖ وَعِرْفَانِهٖ وَقَدْرَ حَقِيْقَةِ

صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر ان کے یقین و عرفان اور حقیقت

اِيْمَانِهٖ وَقَدْرَ جَلَالِ مَنْظَرِهٖ وَقَدْرَ كَمَالِ مَظْهَرِهٖ وَقَدْرَ جَمَالِهِ

ایمان اور جلالت منظر اور کمالیت مظہر کے مطابق ان کے انوکھے جمال

الرَّآئِقِ وَقَدْرَ حُسْنِهِ الْفَآئِقِ وَقَدْرَ عَظَمَةِ اللّٰهِ وَقَدْرَ عِزَّةِ اللّٰهِ

اور عمدہ و فائق حسن کے مطابق اور عظمت الٰہیہ اور اس کی عزت

وَقَدْرَ نُصْرَةِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْرَ عَرْشِكَ وَ

و نصرت کی مقدار ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر مطابق اپنے عرش اور

تَلَوُّنِهٖ وَكُرْسِيِّكَ وَتَكَوُّنِهٖ وَقَدْرَ فَضْلِ الْفَرْضِ وَالطُّوْلِ وَالْعَرْضِ

اس کی نیرنگیوں کے اور کرسی اور اس کے وجود کے اور مطابق فضیلت فرائض کے اور طول وعرض کے

وَقَدْرَ حَرَكَاتِ النَّبْضِ وَالْغَمْضِ وَقَدْرَ وُسْعِ كُرْسِيِّكَ الَّذِىْ وَسِعَ

اور نبض کی حرکات اور اشارات کے اور کرسی کی وسعت کے جس نے احاطہ کر رکھا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَقَدْرَ قَهْرَمَانِ جَبَرُوْتِكَ وَقَدْرَ جَلَالِكَ

ہے تمام آسمانوں اور زمینوں کا اور مطابق تیرے تسلط والے قہرمان کے اور تیرے جلال

الذَّاتِىْ وَكَمَالِكَ الصِّفَاتِىْ وَقَدْرَ كَلَامِكَ الْاٰمِرِ وَالنَّاهِىْ وَاِكْرَامِكَ

ذات کمال صفات کے اور امرونہی والے کلام اور قابل فخر اکرام کے

الْبَاهِىْ وَقَدْرَ سِتْرِكَ الْبَاقِىْ وَلُطْفِكَ الْوَافِى الظَّاهِرِ وَالْخَافِىْ

اور دائمی ستر اور وافی و کافی اور ظاہر و باطن لطف وکرم کے مطابق

وَعَفْوِكَ الْعَافِىْ وَنَوَالِكَ الْوَافِىْ وَعَطَآئِكَ الْكَافِىْ وَقَدْرَ

اور اپنی عفو کامل اور جود اکمل اور عطاء کافی کے مطابق اور تیرے

اِحَاطَتِكَ بِالْمَقْدُوْرَاتِ وَعِلْمِكَ بِالْمَوْجُوْدَاتِ وَحِلْمِكَ

مقدورات کے احاطہ ۔ موجودات کے علم اور مخلوقات پر حلم اور

عَلَى الْمَخْلُوْقَاتِ وَنِعَمِكَ عَلَى الْمَكْنُوْنَاتِ وَقَدْرَ حِلْمِكَ بَعْدَ

پوشیدہ اشیاء پر نعمتوں کے مطابق اور حلم کے باوجود

عِلْمِكَ وَوَابِلِ كَرَمِكَ وَقَدْرِ قَدْرِكَ الْعَظِيْمِ وَفَضْلِكَ الْعَمِيْمِ

علم کے اور باران جودو کرم کے۔ اپنے قدر عظیم اور فضل عمیم و

وَالْجَسِيْمِ وَكَرَمِكَ الْعَمِيْمِ وَجَنَّاتِ النَّعِيْمِ وَذَاتِكَ الْكَرِيْمِ وَ

جسیم کرم عمیم اور جنات النعیم اور ذات کریم اور

حَقَّ قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهِ الْعَظِيْمِ حَقَّ قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهٖ وَقَدْرَ

محبوب کریم کی قدر و منزلت اور شان عظیم کے لائق اور مطابق تیرے

اِنْعَامِكَ عَلَيْهِ وَعِنَايَتِكَ بِهٖ وَقَدْرَ كَمَالِ صَلَاتِكَ عَلَيْهِ

انعام کے اور عنایت کے ساتھ ان کے۔ اور تیری ان پر صلواۃ کاملہ

وَجَمَالِ نَظْرِكَ اِلَيْهِ وَقَدْرَ قَدْرِكَ لَدَيْهِ وَقَدْرَ حُبِّكَ اِيَّاهُ

اور نظر جمیلہ کے مطابق اور مطابق تیری قدر کے ان کے ہاں اور مطابق تیری محبّت کے ساتھ ان

وَقَدْرَ مَا تُحِبُّهٗ وَتَرْضَاهُ وَقَدْرَ كِبْرِيَائِكَ وَقَدْرَ عَظَمَةِ

کے اور بمقدار تیری محبت اور رضا کے اور تیری کبریائی اور عظمت ذات کے

ذَاتِكَ وَقَدْرَ عِزَّتِهٖ عَلَيْكَ وَرَغْبَتِهٖ فِيْمَا لَدَيْكَ وَقَدْرَ مَا

مطابق اور ان کی تیرے ہاں عزت اور تیری نعمتوں میں رغبت کے مطابق اور ان کی تجھ سے

يُحِبُّكَ وَيَرْضَاكَ وَبِحُبِّ الْمَحْبُوْبِ مُرْتَضَاكَ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِيْ

محبت اور رضا مندی اور اپنے پسندیدہ محبوب کی محبت کے مطابق۔ اے اللہ مجھے تمام تر خطرات

عَنِ الْخَطَرَاتِ كُلِّهَا صَغِيْرِهَا وَكَبِيْرِهَا الْمَانِعَةِ لِتَقَرُّبِيْ بِالْاَرْوَاحِ

سے پاک فرما صغیر یا کبیر جو مانع ہوں میرے ارواح قدسیہ کے ساتھ

الْقُدْسِيَّةِ وَلَوْ لَمْ يَكُنِ الْاِجَابَةُ لِصَرِيْخِ كُلِّ نَاسُوْتِيٍّ اَوْ مَلَكُوْتِيٍّ

تقرب میں۔ اور اگر نہ پائی گئی قبولیت ہر جسمانی اور روحانی کی فریاد کی

لَسُدَّ طَرِيْقُ الرَّحْمَةِ وَفَرِحَتِ الشَّيَاطِيْنُ النَّارِيَّةُ وَالْجَمَادِيَّةُ

تو رحمت کا راستہ بند ہو جائے گا اور خوش ہو جائیں گے ناری اور جمادی شیاطین

الَّذِيْنَ حُجِبُوْا عَنْ رِعَايَةِ الْحُقُوْقِ الدُّنْيَوِيَّةِ وَالْاُخْرَوِيَّةِ الرَّحْمَانِيَّةِ

جنہیں محروم کیا گیا دینوی اور اخروی رحمانی حقوق کی رعایت سے

فَالْجَنَّةُ مَعَ قُصُوْرِهَا وَاَنْهَارِهَا رَحْمَةٌ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِيْ

پس جنت بمع اپنے محلات اور انہار کے سراسر رحمت ہے۔ لیکن جو سعادت بخشے گئے تو وہ

رَحْمَةِ اللّٰهِ وَالْمَظَاهِرُ الرَّحْمَانِيَّةُ وَذَرَّاتُهَا تَصْرُخُ وَكُلٌّ يَصْرُخُ

رحمت الٰہیہ (جنّت) میں ہیں اور تمام مظاہر رحمانیہ اور ان کے تمام ذرات فریادی ہیں اور ہر ایک اپنی اپنی

وَيَسْتَغِيْثُ عَلٰى قَابِلِيَّتِهٖ وَتَعَلُّقِهٖ بِمَظْهَرٍ خَاصٍّ دُوْنَ خَاصٍّ حَتّٰى

قابلیت اور مظہر خاص سے تعلق کے مطابق فریاد کناں اور امداد طلب ہے حتی کہ

الْاَشْجَارُ وَالْجَمَادَاتُ عَلٰى حَسَبِ اَجْدَرِيَّتِهٖ حَتّٰى قُلْتَ وَخَاطَبْتَ

نباتات اور جمادات بھی اپنی لیاقت کے مطابق حتی کہ تو نے فرمایا اور خطاب کیا

لِزَكَرِيَّا عَلَيْهِ السَّلَامُ عِنْدَ الصُّرَاخِ وَالدَّعْوَةِ اِلَى الرَّحْمَةِ بِعَدَمِ

زکریا علیہ السلام کو وقت ان کی فریاد اور دعائے رحمت کے ساتھ

الْفُرَاخِ لِسَبْقَةِ الرَّحْمَةِ الْلَّائِقَةِ بِالنُّبُوَّةِ الصَّبْرِيَّةِ السَّابِقَةِ الْجَمَالِيَّةِ

نہ گھبرانے کے بسبب سابق رحمت کے جو لائق ہے نبوت کے جو صبر والی ہے اور جمال و

الْكَمَالِيَّةِ عِنْدَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ وَالْجَمَالِ الْجَاعِلِ وَقَدْ ظَنَّ الشَّيْطٰنُ

کمال سابق والی ہے وقت بڑی گھبراہٹ کے اور جمال خالق کے جبکہ گمان کیا شیطان نے

سُدَّ طَرِيْقُ الْاِجَابَةِ وَالرَّحْمَةِ فِيْهِ وَهُوَ فِيْ عَيْنِ الرَّحْمَةِ لِتَقْدِيْرِ

(ان کے حق میں) راہ اجابت ورحمت کی بندش کا حالانکہ وہ سراسر رحمت میں تھے بسبب عطاء نبوت

النُّبُوَّةِ الَّتِيْ هِيَ عَيْنُ ظُهُوْرِ الْمَالِكِيَّةِ وَالسَّلْطَنَةِ الْمُجَرَّدَةِ عَنْ

کے جو کہ سراسر ظہور ہے مالکیت اور سلطنت کا جو مجرد ہے

شَوَائِبِ الظُّلْمَةِ مِنْ تَعَيُّنَاتِ الْمُقَيَّدَةِ وَالشَّهْوِيَّاتِ الْمُتَعَدِّدَةِ

ظلمت کی ملاوٹوں سے یعنی تعینات مقیدہ اور خواہشات متعددہ سے

وَلَمْ يَكُنْ زَكَرِيَّا مَكْشُوفَ الْحَالِ فِي تِلْكَ الْحَالَةِ وَإِلَّا لَمْ يَقْصِدْ
اور نہیں تھے زکریا علیہ السّلام اس حالت میں حقیقت حال سے باخبر ورنہ فریاد اور

إِلَى الصُّرَاخِ وَالْاِسْتِعَانَةِ بَلْ مَنَعَ الْقَلْبَ عَنِ الدَّعْوَةِ الْحَقِيقِيَّةِ
استغاثہ کا قصد نہ کرتے بلکہ روک لیتے اپنے دل کو بھی حقیقی دُعا سے

لِإِيصَالِهٖ إِلَى الْحَقِّ بِسَبَبِ دَاءٍ شَدِيدٍ أَلِيمٍ مُفَرِّقٍ لِلْهَيْئَةِ
بسبب ان کے واصل الی الحق ہونے کے اس سخت دردناک بیماری سے جو ہیئت

الْبَدَنِيَّةِ فَيَا اِلٰهَ كُلِّ مَوْجُودٍ أَنْتَ رَحِيمٌ ارْحَمْ بِاسْتِعْدَادِ
بدنیہ کو پارہ پارہ کرنے والی تھی۔ اے ہر موجود کے معبود تو ہی رحیم ہے مجھ پر رحم فرماتے ہوئے خاص استعداد

